سُنی وشیعہ مکالمہ

باغ فدک

مال فئی یا نبی کی ذاتی ملکیت



صدیوں سے جاری سُنی وشیعہ کے مابین اہم اختلافی مسئلے باغ فدک پر مدلل گفتگو اور اہل تشیع معتبر کتب سے اہل سنت مؤقف کی تائید کے نا قابل تردید ثبوت!

Darul Tehqeeq wa Difa-e-Sahaba
www.sunnilibrary.com



اہلسنت: جعفر صادق (ممتاز قریشی)
اہل تشیع: بخش حسین حیدری

تاریخ: 4 جنوری سے 10 جنوری 2022ع

واٹس آپ گروپ: الاقتصاد فی الاعتقاد (اہل تشیع)


سُنی لائبریری ڈاٹ کام
دارالتحقیق ڈاٹ کام
WWW.SUNNILIBRARY.COM
WWW.DARULTEHQIQ.COM
دفاع اہل سنت و رد رافضیت

بخش حسین حیدری شیعہ: @جعفر صادق، آپ اب گفتگو کر سکتے میں نو بجے تک حاضر ہو تا ہوں۔

علی میلانی: السلام علیکم @جعفر صادق ، برادر گفتگو کا آغاز کب ہو؟ آپ نے جنوی یا فروری کا کہا تھا اگر آپ توضیح دیں تو بہتر تا کہ میں اپنی مصروفیات کی کو منظم کر سکوں۔

جعفر صادق: @علی میلانی، وعلیکم السلام۔ آج سے بخش صاحب سے گفتگو شروع کر رہا ہوں۔ دو تین دن کے اندر ختم کر دوں گا کیونکہ میں روایتی طریقے سے ہٹ کر گفتگو کروں گا۔ اس کے بعد آپ سے گفتگو کر سکتا ہوں۔ اگر آپ چاہیں تو۔۔۔

علی میلانی: @جعفر صادق، اوکے برادر۔



جعفر صادق: یہ آپ کا دعوی تھا۔ آپ وضاحت کر دیجئے گا کہ اسی کے مطابق گفتگو کریں گے یا ترمیم کرنی ہے۔ میں گفتگو کے شرائط لکھ رہا ہوں۔ آپ بھی شرائط بھیج سکتے ہیں۔ متفقہ شرائط طئے کر کے آج ہی گفتگو شروع کرتے ہیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: میں اسی دعویٰ کے مطابق گفتگو کروں گا ۔ شرائط متفقہ لکھ لیں اگر کسی پر اعتراض ہوا تو بتا دوں گا۔

جعفر صادق: *شرائط برائے مکالمہ فدک*

1: گفتگو ٹو دی پوائنٹ ہو گی تحریری ہو گی۔ جب تک ایک نکتہ کلیئر نہ ہو دوسرا نکتہ زیر بحث نہیں لایا جائے گا۔

2: غیر متعلق سوالات و اعتراضات ممنوع ہوں گے اور ان کے جوابات دینا غیر ضروری، اسی طرح موضوع سے متعلق سوالات و اشکالات کے جوابات دوسرے فریق کو لازمی دینے ہوں گے۔

3: مقدسات کی توہین اور فریق مخالف کی ذات پر حملہ کرنے والے کی شکست فاش ہو گی۔

4: دلائل ☜ قرآن و سنت اور صحیح روایات بمعہ تائید اقوال علماء۔

دلائل کا رد ☜ قرآن و سنت اور صحیح روایات بمعہ تائید اقوال علماء۔

نوٹ: ذاتی رائے / استدلال مسترد کئے جائیں گے۔ دونوں فریق * اپنے مسلک کا دفاع اپنی کتب * سے کرنے کے مجاز ہوں گے اور تائید فریق مخالف کی کتب سے دکھا سکتے ہیں۔

5: فریق مخالف پر ذاتی حملے، بار بار پوچھنے کے باوجود جوابات نہ دینا، گروپ سے باہر نکالنے کی دھمکیاں دینا یا ایڈ من شپ سے بغیر اجازت ہٹایا تو گفتگو فورا ختم اور فریق مخالف کی شکست ہو گی۔

چیک کریں۔ کوئی کمی بیشی کرنی ہو تو بتادیں۔ گروپ میں اس وقت کافی ایڈ منز ہیں۔ بہتر ہو گا کہ ہمارے علاوہ دونوں طرف سے صرف ایک ایک ایڈ من ہو۔

صحیح احادیث اور قرآن کریم ہر گز متصادم نہیں ہیں! حدیث قرآن کو رد نہیں کرتی! شیعہ مناظر کا شرائط میں ترمیم کرنے کا بے تکا مطالبہ

بخش حسین حیدری شیعہ: یہاں پر ایک بات کی ترمیم کریں جی قرآن مجید کی آیت کا رد حدیث سے نہیں کیا جائے گا۔

جعفر صادق: یہ کیسا اشکال ہے۔ کیا اہل تشیع کے ہاں قرآن کی تفسیر امام معصوم کے قول سے نہیں کی جاتی؟ قرآن و سنت ایک ہی درجہ کی ہیں۔ دونوں وحی الٰہی ہیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: تھوڑی دیر بعد حاضر ہوتا ہوں۔ کیا قرآن مجید کا رد خبر واحد سے کیا جائے گا اس کو ثابت کریں فقہ حنفی کے مطابق برادر یا تسلیم کریں آپ غلطی پر ہیں رجوع کر لیں۔

جعفر صادق: اب یہ ایک اور موضوع۔ فدک پر گفتگو نہیں کرنی؟ وضاحت اور رد میں فرق سمجھیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: نیا موضوع نہیں ہے آپ کو معلوم ہونا چاہیے۔ بتائیں کیا قرآن مجید کا رد خبر واحد سے کیا جا سکتا ہے۔ فقہ حنفی کے مطابق جواب عنایت فرمائیں ۔ موضوع فدک ہی ہے۔

جعفر صادق: اللہ کے بندے۔ قرآن کا رد مطلب منکر قرآن۔ ☜ قرآن کی تفسیر کہاں سے کی جائے گی؟

بخش حسین حیدری شیعہ: چلیں اور آسان کر دیتا ہوں کیا قرآن مجید کی آیت کا رد حدیث سے ہو سکتا ہے فقہ حنفی کے مطابق؟ شاید خبر واحد سمجھ نہیں سکے آپ۔

جعفر صادق: ☜ قرآن کا رد نبی بھی نہیں کر سکتا۔ آپ غیر علمی سوال کر رہے ہیں۔ فدک پر گفتگو کرنی ہے یا نہیں؟ کیا اہل تشیع قرآن کا رد کرتے ہیں؟

بخش حسین حیدری شیعہ: پھر شرائط میں لکھیں۔

جعفر صادق: اففففف۔ قرآن کی تفسیر آپ لوگ کہاں سے کرتے ہو؟ چلیں۔ اس کا جواب دیں۔ کیا قرآنی آیات کو سمجھنے کے لئے احادیث لازمی ہیں۔؟

☜ قرآن کا انکار نہیں بلکہ اس کی تشریح کے لئے احادیث درکار ہوتی ہیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: میں نے تفسیر کی بات نہیں کی آپ سمجھنے سے قاصر بھائی۔ تفسیر اور حدیث الگ الگ ہیں آپ تفسیر کی طرف آ رہے ہیں۔

جعفر صادق: پھر قرآن کے رد سے آپ کی کیا مراد ہے؟

بخش حسین حیدری شیعہ: چلیں پھر سمجھا دیتا ہوں ۔ قرآن مجید کی آیت کے جواب میں کیا حدیث لاؤ گے ؟ آپ کو شرائط میں ایڈ کرنے پر کیا مشکل ہے۔

جعفر صادق: * کیا قرآن کی آیت کو سمجھنے کے لئے حدیث کی ضرورت نہیں ہوتی؟ آپ خود ہی اپنے آپ کو پھنسا رہے ہیں۔ فدک پر گفتگو کریں۔ شرائط میں کوئی اضافہ کرنا ہو تو بتا دیں۔ ایڈمنز کا جمع بازار ختم کریں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: حدیث سمجھنے کے لیے ہوتی ہے قرآن مجید کے رد کے لیے نہیں جب کہ میرا مطالبہ تھا رد پر، میں پھنسا نہیں رہا۔ خود لکھنے سے آپ پریشان ہو رہے ہیں۔ آپ دیکھ سکتے ہیں ایڈمن آپ کے کہنے سے پہلے ختم کر دیے گئے ہیں۔

جعفر صادق: چلیں ٹھیک ہے۔ ہم صرف قرآن کی روشنی میں فدک پر گفتگو کرتے ہیں۔ دونوں طرف سے کوئی حدیث یا روایت پیش نہیں کی جائے گی۔ منظور ہے؟ 👍

بخش حسین حیدری شیعہ: شرائط میں اضافہ کروا رہا ہوں ۔ لکھیں قرآن مجید کی آیت کا رد حدیث سے نہیں کیا جائے گا۔

جعفر صادق: ایڈمنز واقعی ہٹا دئے گئے ہیں۔ سوری چیک نہیں کیا تھا۔ 👌

بخش حسین حیدری شیعہ: قرآن مجید کی آیت کو بغیر ترجمہ اور تفسیر کے سمجھ لیں گے آپ؟

جعفر صادق: ترجمہ روایت نہیں ہوتی۔ تفسیر سے آپ خود ہاتھ اٹھا رہے ہیں۔ ویسے سوچنے کی بات ہے کہ ایسی کونسی حدیث ہے جو قرآن کے خلاف ہو۔

بخش حسین حیدری شیعہ: میں تفسیر پر کلام ہی نہیں کیا برادر ۔ میں حدیث پر بات کی آپ تفسیر کی طرف چل پڑتے ہیں۔ اگر کوئی ایسی حدیث قرآن کے مخالف نہیں ہے تو آپ شامل کریں شرائط میں برادر۔

جعفر صادق: اللہ کے بندے۔۔۔ جس حدیث میں قرآن کی آیت کے متعلق کوئی بات ہو گی تو وہ اس کی تفسیر ہی کہلاتی ہے۔ ہمارا ایمان ہے کہ قرآن و احادیث ایک دوسرے سے متصادم نہیں ہو سکتیں۔ جب امکان نہیں ہے تو ایسی غیر اہم بات کو شرائط میں کیوں شامل کریں؟ اور کسی حدیث میں کسی آیت کی تفسیر بیان کی گئی ہو تو قبول کی جائے گی۔

بخش حسین حیدری شیعہ: کیا حدیث قرآن مجید کے خلاف نہیں ہوتی بھائی ۔ اگر نہیں ہیں تو لکھنے میں کیا حرج ہے۔

جعفر صادق: اسی لئے عرض کیا کہ یہ ایک اور موضوع ہے۔ کیا اہل تشیع کے ہاں صحیح قول معصوم خلاف قرآن ہو سکتا ہے؟ آپ موضوع سے ہٹ کر وقت ضائع کر رہے ہیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: قول صحیح ہو گا تو مانا جائے گا اگر غلط ہو گا تو دیوار پر ۔ آپ شرائط میں ترمیم کریں گے یا گفتگو کو ختم سمجھا جائے۔ میں وقت ضائع نہیں کر رہا، آپ ضد پر اڑے ہوئے ہیں۔ موضوع فدک ہی ہے ۔ آخر کوئی تو بات ہے جو آپ ترمیم نہیں کر رہے۔

جعفر صادق: چلیں مکمل شرط اپنے الفاظ میں لکھیں۔ میں شامل کر دیتا ہوں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: قرآن مجید کی آیت کا رد حدیث سے نہیں کیا جائے گا ۔ اس کو ایڈ کریں۔ پھر دعویٰ لکھتا ہوں۔

جعفر صادق: کوئی بات نہیں۔ سادہ سی بات ہے۔ قرآن کی تفسیر حدیث سے کی جاتی ہے۔ یہ سُنی وشیعہ متفقہ امر ہے۔ حدیث سے قرآن کو رد نہیں کیا جاتا۔ حدیث سے قرآن کی تفسیر کی جاتی ہے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: بس ٹھیک ہے اگر رد نہیں کیا جاتا تو لکھ دیں غلط مطالبہ نہیں کیا آپ سے۔

فائنل متفقہ شرائط برائے مکالمہ فدک
1: گفتگو ٹو دی پوائنٹ اور تحریری ہو گی۔ جب تک ایک نکتہ کلیئر نہ ہو دوسرا نکتہ زیر بحث نہیں لایا جائے گا۔
2: غیر متعلق سوالات واعتراضات ممنوع ہوں گے اور ان کے جوابات دینا غیر ضروری، اسی طرح موضوع سے متعلق سوالات واشکالات کے جوابات دوسرے فریق کو لازمی دینے ہوں گے۔
3: مقدسات کی توہین اور فریق مخالف کی ذات پر حملہ کرنے والے کی شکست فاش ہو گی۔
4: دلائل ☜ قرآن وسنت اور صحیح روایات بمعہ تائید اقوال علماء۔
دلائل کا رد ☜ قرآن وسنت اور صحیح روایات بمعہ تائید اقوال علماء۔
نوٹ: ذاتی رائے / استدلال مسترد کئے جائیں گے۔ دونوں فریق * اپنے مسلک کا دفاع اپنی کتب * سے کرنے کے مجاز ہوں گے اور تائید فریق مخالف کی کتب سے دکھا سکتے ہیں۔
5: فریق مخالف پر ذاتی حملے، بار بار پوچھنے کے باوجود جوابات نہ دینا، گروپ سے باہر نکالنے کی دھمکیاں دینا یا ایڈمن شپ سے بغیر اجازت ہٹایا تو گفتگو فوراً ختم اور فریق مخالف کی شکست ہو گی۔
* شیعہ کی طرف سے اضافی شرط۔ قرآن مجید کی آیت کا رد حدیث سے نہیں کیا جائے گا۔ *

اب ٹھیک ہے۔؟

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ نے لکھا ہے شیعہ کی طرف سے اضافی شرط جبکہ آپ نے شرط کو قبول کیا ہے اور لکھا ہے۔ لکھیں یہ شرائط متفقہ طور پر ہیں۔ بقایا شرائط ٹھیک ہیں۔

جعفر صادق: یہ متفقہ شرائط ہیں۔ نشاندھی کی ہے کہ یہ شرط آپ کی طرف سے ہے۔ گفتگو ختم کرنے کی دھمکی کے بعد یہ شرط قبول کی گئی ہے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: دھمکی نہیں دی سب دوستان کا ٹائم ضائع کرنے سے بہتر سمجھتا ہوں۔ تا کہ کسی کے وقت کا قرض کاندھوں پر نہ ہو۔ لھاذا درست کریں شرائط متفقہ طور پر ہیں دھمکی وغیرہ میں نہیں دیتا اور اسلام کسی کی تذلیل کی اجازت نہیں دیتا۔

جعفر صادق: اضافہ کر دیا ہے۔ مزید کچھ ؟ جواب دعوی سے پہلے میں آپ کے دعوی پر کچھ اشکالات رکھنا چاہتا ہوں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: لگائیں شرائط میں دعویٰ رکھتا ہوں۔

جعفر صادق: (شرائط ایک بار پھر رکھی گئیں۔) بس اور کتنی دفعہ رکھوں۔ آگے بڑھیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ:

دعویٰ اھل تشیع موضوع فدک
فدک خالص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملکیت تھا۔
فدک جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کو عطا کر دیا۔
انبیاء کرام علیہم السلام کی میراث ہوتی ہے۔

جعفر صادق: جواب دعوی سے پہلے میرے تین اہم اشکالات / سوالات ہیں۔ پہلے سوال کی وضاحت کر دیں۔

اہل تشیع دعوی پر اہلسنت کا اشکال # 1
1: نبی کریم ایک ہی وقت میں منصب نبوت پر فائز تھے اور حکمران بھی تھے۔ وضاحت کریں کہ یہودیوں نے فدک کو ذاتی حیثیت سے دیا یا بحیثیت حکمران؟

* آپ کو کوئی دلیل دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف وضاحت درکار ہے۔ جب میں جواب دعوی رکھ دوں گا تو پھر دلائل شروع کیجئے گا۔ *

بخش حسین حیدری شیعہ: سوری موبائل فون بند ہو گیا تھا۔ موجود ہیں آپ؟

جعفر صادق: جی آپ اپنا ٹرن مکمل کریں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ نے دو چیزوں کو مکس کر دیا۔ اگر میں بولتا ہوں ذاتی طور پر تو آپ کو ثابت کرنا ہو گا آقا کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وقت حکمران نہیں تھے۔ لھاذا پہلے اس بات کو کلیئر کریں بھائی۔

جعفر صادق: سوال پر غور کریں۔ نبی کریم کی ذاتی حیثیت نبی کی تھی۔ یہودیوں نے نبی مان کر فدک دیا یا حکمران سمجھ کر۔۔۔؟

بخش حسین حیدری شیعہ: موبائل کی بیٹری ختم چارج کر کے حاضر ہوتا ہوں تھوڑی دیر میں۔

جعفر صادق: چلیں ٹھیک ہے۔ میں انتظار کرتا ہوں اور زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو صرف وضاحت کرنی ہے۔ میں کوئی جوابی سوال بھی نہیں پوچھوں گا۔ کوئی دلیل مجھے یا آپ کو دینے کی اس وقت ضرورت بھی نہیں ہے۔ جب تینوں اشکالات پر آپ کی وضاحت آجائے گی تو پھر میں جواب دعوی پیش کروں گا۔ اس کے بعد ہم باقاعدہ دلائل کی روشنی میں گفتگو شروع کریں گے۔ ہماری گفتگو

روایتی طریقے سے مختلف ہو گی تاکہ دو دن کے اندر اندر اختتام پذیر ہو جائے۔ آگے گفتگو شروع ہو گی تو سب کو پتہ لگ جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

بخش حسین حیدری شیعہ: میں نے سوال کو سمجھ کر جواب دیا تھا لیکن آپ سمجھنے سے قاصر ممتاز قریشی صاحب۔ چلیں آپ نے اس بات کا بھی خود اقرار کیا کہ فدک نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہودیوں نے دیا۔ اب آپ کہتے ہیں نبی سمجھ کر دیا یا حکمران۔

اس پر جواب یہ ہے کہ یہودی آقا کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبی مانتے تھے اور ایمان نہیں لائے

یہ الگ بحث ہو جائے گی۔ جس کا دعویٰ سے کو ربط نہیں ہے برادر۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حکمرانی کی بات کرتے ہیں تو وہ پوری دنیا پر تھی۔

ہم پریشان نہیں ہوتے برادر عزیز۔ خیرات باب علم سے لینی ہو اور پھر پریشانی۔ ایسا سوچ بھی نہیں سکتے ہم نے سچوں کا دامن تھاما ہے آپ گفتگو کریں۔

ہم جانتے ہیں روایتی طریقے کو جس موضوع پر ہم گفتگو کر رہے فدک یہ حق اور باطل کی پہچان کرواتا ہے۔ جب گفتگو شروع ہو گی ان شاءاللہ پتہ چل جائے گا گفتگو کب ختم ہوتی ہے بھائی اور آپ اپنے طریقہ پر گفتگو کریں۔ ہم تو گفتگو کر رہے اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی محمد اور آل محمد علیہم السلام کے لیے۔

جعفر صادق: سادہ سوال کے اتنے سارے جوابات۔۔ پھر بھی جو پوچھا ہے اس کا جواب ہی نہیں دیا۔ بخش صاحب۔۔ ایسا نہ کریں۔ *شرائط قبول کرتے ہی خلاف ورزی شروع کر دی ہے۔ *شرط 1 اور 2 کو پڑھیں۔ گفتگو ٹو دی پوائنٹ، دوٹوک کریں۔ اشکال کا جواب لازمی آپ کو دینا ہے۔

میرا سوال اتنا سادہ ہے کہ بچے کو بھی سمجھ آجائے گا۔ *دنیا جانتی ہے کہ فدک نبی کو یہودیوں نے دیا تھا* آپ اس پر بھی لفاظی کر رہے کہ میں نے *اقرار کر دیا!

*میں نے *انکار* کب کیا تھا؟

یہودیوں نے کس حیثیت سے فدک دیا تھا یہ بھی کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے۔ میں تو بس آپ سے واضح الفاظ میں اقرار چاہتا ہوں۔ آپ کھل کر جواب دے دیں تاکہ دوسرا اشکال پیش کر دیا جائے۔

کیا آپ سے یہ پوچھا گیا تھا کہ نبی کی حکمرانی کہاں کہاں تک ہے؟ اور کیا فدک کے متعلق سوال موضوع سے تعلق نہیں رکھتا؟ میں نے بغیر کسی دلیل کے وضاحت طلب کی ہے۔ وہ بھی آپ بیان نہیں کر پا رہے۔

سچوں کا دامن تھاما ہے تو سچ بولنے والا ہچکچاتا نہیں ہے۔ علم کی خیرات اگر آپ کے پاس ہے تو اس کا فیض ہم تک پہنچائیں۔ کھل کر بتادیں کہ یہودیوں نے کس حیثیت سے نبی کو فدک دیا تھا؟ کیا کوئی راہ چلتے کسی کو بھی اتنی بڑی جاگیر تھما دیتا ہے؟ کیا ہم یہ سمجھیں کہ بغیر کسی جان پہچان کے یہودیوں کی طرف سے باغ فدک نبی کریم کو مل گیا؟

اور آپ نے بالکل درست فرمایا۔ فدک ایسا موضوع ہے جس سے حق اور باطل کی پہچان ہو جاتی ہے۔

میں اپنے اشکال کو مزید آسان کر دیتا ہوں۔ آپ یہ بتائیں کہ **کسی بھی ملک کے حکمران کو جب کوئی چیز بحیثیت حکمران کہیں سے تحفے میں مل جائے تو کیا وہ اس کی ذاتی ملکیت قرار دی جائے گی؟** سادہ سے سوال ہیں، جواب دیں اور گفتگو کو آگے بڑھائیں۔ میری کوشش ہے کہ کل تک گفتگو ختم کر دوں اور ایسا ہی ہو گا ان شاء اللہ۔

بخش حسین حیدری شیعہ: ممتاز قریشی صاحب جوابات آپ کی گفتگو پر دیئے ہیں نہ کہ اپنی طرف سے دیئے ہیں اور شرائط کی خلاف ورزی نہیں کی ہم نے آپ کو ایسا لگ رہا ہے۔ برادر آپ نبوت اور حکمران کو الگ الگ کرنا چاہتے جب کہ ایسا نہیں ہے آپ کر سکتے ہیں تو وضاحت فرمائیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نبی ہیں تو حکمران نہیں اور جب حکمران ہیں تو نبی نہیں۔

میں نے کب انکار کیا فدک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہودیوں نے نہیں دیا۔ اب تحفہ میں ملا یا جنگ کے ذریعے ملا یہ الگ بحث ہے جو جواب دعویٰ کے بعد دلائل سے ثابت ہو گی۔

اور آپ نے کہا کہ فدک کیسے ذاتی ملکیت قرار دیا گیا ہے تو آپ دعویٰ کے پہلے حصہ کا انکار کر دیں ہم ثابت کریں گے کہ ملکیت ہے کہ نہیں۔

جعفر صادق: میں کچھ نہیں چاہتا۔ اپنے سوال کا صاف صاف جواب چاہتا ہوں۔ جو آپ نے ابھی تک نہیں دیا۔ **نبی میں نبوت اور حکمرانی دونوں ہی جمع تھیں۔ *یہودیوں نے کس حیثیت سے دیا یہ ہے اصل سوال۔***

ہم فدک پر گفتگو کر رہے ہیں اور فدک کی حیثیت کا تعین الگ موضوع کیسے ہو گیا۔ آپ اپنا دعوی پڑھیں۔

اور صبر کریں۔ جب جواب دعوی پیش کروں گا تو پھر آپ کو اس کے مطابق گفتگو کرنی ہو گی۔ ابھی میرا پہلا اشکال کلیئر کریں۔ حق کو دوسروں تک پہنچائیں۔ میں باہر بزی ہوں۔ جوابات دینے میں دیر سویر ہو تو پیشگی معذرت کرتا ہوں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: کوئی بات نہیں ہم نے وقت کی قید نہیں لگائی۔ اب آپ کہتے ہیں گفتگو میرے ذہن کے مطابق ہو ایسا نہیں ہو سکتا بھائی۔ یہ تو آپ نے بھی مان لیا کہ یہودیوں نے دیا ۔[غلط بیانی۔ انکار کیا ہی نہیں تھا، اور نہ یہ اختلافی نکتہ تھا۔]

چلیں آسان لفظوں میں بیان کرتا ہوں بغیر لشکر کشی سے دیا۔[یہ سوال بھی پوچھا ہی نہیں گیا تھا۔]

اب دلائل کی روشنی میں ثابت ہو گا۔ اب آپ اپنے جواب دعویٰ میں انکار کر دیں فدک ملکیت نہیں تھا۔

دوسرے سوال کی طرف بڑھیں لھذا ٹائم ضائع مت کریں۔

جعفر صادق: محترم۔ گفتگو ابھی شروع نہیں ہوئی اور فکر نہ کریں۔ آپ کی مرضی کے مطابق کی جائے گی۔

کیا بغیر لشکر کشی کے یہودیوں نے فدک ایسے ہی نبی کو دے دیا۔ آپ کے دوٹوک جواب نہ دینے سے بھی حق واضح ہو رہا ہے۔ اس سوال سے مجھے جو واضح کرنا تھا وہ مقصد حاصل کر چکا ہوں۔ مزید وقت ضایع کئے بغیر آگے بڑھتے ہیں۔ میرے دوسرے اشکال کو کلیئر کر دیں۔

☟☟☟☟

آپ کے دعوی پر میرا دوسرا اشکال:

اہل تشیع دعوی پر اہلسنت کا اشکال # 2

2 : نبی کریم نے سیدہ فاطمہ کو کس موقعے پر فدک ہبہ کیا؟

بخش حسین حیدری شیعہ: یہ دلائل بتائیں گے کس موقع پر ہبہ کیا ۔ لھاذا جواب دعویٰ سے پہلے یہ سوال غلط ہے آپ کا۔ وہ تو بعد میں پتہ چل جائے گا لشکر کشی سے حاصل ہوا یا بغیر لشکر کشی کے۔ حق جاننے والے جان جائیں گے، آپ پریشان مت ہوں۔

جعفر صادق: مطلب آپ کسی بھی اشکال کا جواب نہیں دیں گے۔ مجھ سے فدک کے متعلق جو سوال پوچھنا چاہیں پوچھیں۔ فوراً دوٹوک جواب دے دوں گا۔ اس میں چھپانے کی کیا بات ہے۔ آپ جواب دے دیں بعد میں دلیل سے ثابت بھی کر دیجئے گا۔

اب دوبارہ لفاظی کر رہے ہیں۔ فدک مال فئی ہے اور مال فئی بغیر لشکر کشی کے ہی حاصل ہوتا ہے۔ اس میں سنی وشیعہ کے مابین کوئی اختلاف ہی نہیں ہے۔

اصل نکتہ یہ ہے کہ یہودیوں نے بغیر لشکر کشی کے اللہ ورسول پر ایمان لا کر تحفہ دیا یا کوئی اور وجہ تھی۔ گروپ ممبرز سمجھ گئے ہوں گے کہ ان اسباب پر گفتگو کرنے سے بھی حقیقت کھل جاتی ہے اس لئے آپ جواب نہیں دے رہے۔ **صرف اس موقعہ کے متعلق اور سن ھجری بتادیں۔** بعد میں ثابت کر دیجئے گا۔ اس میں کیا مشکل ہے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: قرآن مجید کی آیت جب نازل ہوئی۔ وات ذی القربی حقہ تو جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کو عطا کیا۔ بقایا دلائل میں واضح کریں گے۔

جعفر صادق: بس سن ھجری بتادیں۔ پھر میں تیسرا اشکال پیش کرتا ہوں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: خارج از موضوع ہے۔ اگلا سوال رکھیں یا معذرت چاہتا ہوں فقط ٹائم ضائع ہو رہا آپ کی طرف سے لھاذا میں دوسروں کا ٹائم ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ [اشکال کا جواب دینے سے صاف انکار اور گفتگو ختم کرنے کا اشارہ]

جعفر صادق: آپ نے تین دعوے کئے ہیں۔ دوسرے دعوی میں فدک عطا کرنے کی بات ہے۔ ہماری گفتگو شروع ہو گی تو ظاہر ہے یہ نکتہ بھی زیر بحث آئے گا۔ اس وقت اگر میں بغیر دلیل صرف کچھ نکات کلیئر کروا رہا ہوں تو آپ جواب نہیں دے پا رہے۔ حالانکہ مجھے آپ سے یہ امید نہ تھی۔ کیا دوسرا سوال اتنا مشکل ہے کہ آپ جواب نہیں دے سکتے۔ وقت آپ ہی ضائع کر رہے ہیں۔ لگتا ہے گفتگو بحالت مجبوری کر رہے ہیں۔ دل سے راضی نہیں ہیں۔ چلیں میں تیسرا اشکال پیش کر دیتا ہوں۔

اہل تشیع دعوی پر اہلسنت کا اشکال # 3

3 : بوقت رحلت نبی کریم کے کون کون سے ورثاء موجود تھے جنہیں قرآن وسنت کی روشنی میں مالی ورثہ لینے کا حق تھا؟

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ کو ہر بات کا جواب دیا گیا ہے اور ہم راضی ہو کر گفتگو کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی محمد اور آل محمد علیہم السلام کے لیے ۔ لھاذا آپ کے ایسے لکھنے سے مجھے فرق نہیں پڑتا۔

یہ سوال آپ کا اس وقت بنتا تھا جب آپ وراثت انبیاء علیہم السلام کو تسلیم کرتے آپ انکاری ہیں۔

آپ تسلیم کریں وراثت انبیاء کرام کو، میں جواب دیتا ہوں۔ نہیں تو مناظرہ میں بات ہو گی۔

آپ کی تسلی کے لیے ایک نام درج کر دیتا ہوں۔ جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا زندہ موجود تھیں تو ہی وراثت کا دعویٰ رکھا ہے۔ یہ سوال بچوں والے ہیں ممتاز قریشی صاحب آپ سے یہ توقع نہیں تھی کہ اتنی سی بات بھی سمجھانی پڑے گی۔

جعفر صادق: سب دیکھ رہے ہیں کہ آپ کس طرح جواب دے رہے ہیں۔ اس وقت تک دو بار آپ گفتگو ختم کرنے کا ذکر کر چکے ہیں۔

میرے جواب دعوی سے پہلے آپ کو میرے اشکالات کلیئر کرنے ہیں۔ میں نے موضوع کے مطابق بلکہ آپ کے دعوی کے متعلق ہی بنیادی سوالات پوچھے ہیں۔ شرائط کے مطابق آپ جواب دینے کے پابند بھی ہیں۔ اس وقت تسلیم یا انکار پر گفتگو نہیں ہو رہی۔ آپ دعوی کے مطابق چند نکات اور حقائق کلیئر کر دیں۔ مسئلہ ختم۔ میں آپ کے جوابات پر کوئی نکتہ چینی بھی نہیں کروں گا۔ بلکہ جواب دعوی پیش کر دوں گا۔ پھر دلائل کی روشنی میں باقائدہ گفتگو کریں گے۔

قرآن وسنت کی روشنی میں بوقت رحلت صرف سیدہ فاطمہ ہی نبی کی وارث موجود تھیں؟

گھبرائیں نہیں۔ حق بات لکھنے کی انسان میں ہمت ہونی چاہئے۔

بالکل درست فرمایا۔ بچوں والے سوالات ہیں۔ حیرت ہے۔ آپ ان کے جوابات بھی دینا نہیں چاہتے۔


ممبرز غور کریں کہ فدک پر شیعہ مؤقف اتنا کمزور ہے کہ بچوں والے سوالات کی بھی کھل کر وضاحت نہیں کر سکتے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: فدک پر مطالبہ جناب سیدہ النساء العالمین کا تھا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وارث کا ذکر کر دیا۔ جواب دعویٰ لکھیں۔ جی سب دیکھ رہے ہیں میں لفاظی کرنے کا عادی نہیں ہوں۔

سب دیکھ رہے مجھے یہ بھی معلوم ہے آپ پی ڈی ایف تیار کریں گے ۔ میں نے جو جواب دیے ہیں مطمئن ہوں۔ آپ کو نہیں کر سکتا۔ شیعہ موقف کا آپ کو جواب دعویٰ لکھنے کے بعد پتہ چل جائے گا۔ آپ ہمت کریں جواب دعویٰ لکھیں۔

جعفر صادق: آپ نے میرے اشکالات کے جو دوٹوک جواب دئے ہیں وہ ممبرز دیکھ کر سمجھ سکتے ہیں۔

تین سادہ سوال اور شیعہ مناظر کی قلابازیاں



اب میں جواب دعوی پیش کرتا ہوں۔

جواب دعوی اہل سنت

نبی کو بحیثیت حکمران یہودیوں نے فدک دیا، نبی کی طرف سے فدک کو کبھی بھی ذاتی ملکیت قرار نہیں دیا گیا۔ فدک کا ہبہ ہونا عقلی و نقلی دونوں طرح درست نہیں ہے۔ دنیاوی مال ملکیت سے انبیائے کرام مبرا ہیں۔

ذاتی ضروریات کے سامان اور دنیاوی مال ملکیت میں فرق سے لاعلمی ! اہلسنت کے جواب دعوی پر شیعہ مناظر کا جاہلانہ اعتراض

بخش حسین حیدری شیعہ: تھوڑی دیر بعد حاضر ہوتا ہوں ، لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ برادر کو جواب دعویٰ ہی لکھنا نہیں آیا ۔ استغفرُللہ ربی واتوب الیہ ۔ اتنی کم علمی ممتاز قریشی صاحب آپ کی طرف سے ۔ مجھے یہ امید نہ تھی کہ میرا حریف مدمقابل اتنا کم علم ہو گا۔ آپ کے جواب دعویٰ میں لکھا ہے دنیاوی مال وملکیت سے انبیاء کرام مبرا ہیں ۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا دنیا میں انبیاء علیہم السلام دنیاوی مال نہیں رکھتے تو پھر وہ رہتے کہاں پر؟ کھاتے کہاں سے تھے ؟

آپ کے کہنے کا مطلب استغفرُللہ ربی واتوب الیہ ۔ دوسروں کے مال پر گزارا کرتے تھے ؟

اس طرح کی کئی باتیں لکھ سکتا ہوں مطلب وہ کپڑے وغیرہ کہاں سے پہنتے تھے کسی کے ؟

ممتاز قریشی صاحب آپ نے کم علمی کی انتہا کر دی برادر لھاذا جواب دعویٰ تو سوچ سمجھ کر لکھتے آپ نے سب انبیاء کرام علیہم السلام پر حملہ کیا ہے۔ جواب عنایت فرمائیں پھر گفتگو آگے بڑھاتے ہیں۔

جعفر صادق: آپ نے پہلے اپنے دعوی پر میرے تینوں اشکالات کو کلیئر نہ کر کے شرط 1 اور 2 کی خلاف ورزی کی اور اب اس قسم کے الفاظ کو لکھ کر شرط 3 کی بھی خلاف ورزی کر چکے ہیں۔

اگر آپ کو میرا جواب دعوی سمجھ نہیں آیا تو مجھ سے پوچھنا چاہئے تھا۔ جس طرح میں نے آپ کے دعوی کو کلیئر کرنے کے لئے سوالات پوچھے تھے۔ میں الفاظ بدل بدل کر بھی سمجھا دیتا۔

میرا جواب دعوی آپ کے دعوی کا مکمل اور واضح رد ہے۔ اس کی وضاحت آگے کرتا ہوں۔ پہلے آپ کے اس سطحی اعتراض کی حقیقت واضح کرنا ضروری ہے۔

انبیائے کرام بشری لبادے میں ضرور آتے ہیں لیکن ان کے آنے کا مقصد دنیاوی مال ملکیت جمع کرنا ہر گز ہر گز نہیں ہوتا۔ یہ آپ کی سمجھ کا قصور ہے کہ ایسا سوچتے ہیں کہ معاذاللہ انبیاء دوسروں کے مال پر گذارا کرتے تھے !

قرآن کریم کی کئی آیاتِ مقدسہ کے مطابق اس دنیا میں انسان کے پاس جو کچھ ثروت و دولت، مال اور زندگی کا دوسرا ساز و سامان ہے۔ اس کا حقیقی مالک صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہے، جو خالق کائنات ہے۔ انسان کے پاس یہ مال و متاع محض چند روز کے لیے بطورِ امانت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و احسان سے رفع حاجات اور روز مرہ کی ضروریات پوری کرنے کے لیے یہ چیزیں مستعار عطا فرما رکھی ہیں جن پر ہمارا کوئی ذاتی استحقاق نہیں ہے لہٰذا اگر انسان کی موت کے بعد اس کا یہ چھوڑا ہوا مال غیر ورثا میں تقسیم کروا دیا جاتا تو بھی ظلم نہ ہوتا۔ جب انسان خود اس مال کا حقیقی مالک نہیں تو اس کے اقارب کیسے مستحق ہو سکتے ہیں؟

عام انسان اپنی جبلت اور کم نظری کی وجہ سے اس مستعار مال کو اپنی ملک سمجھنے لگتا ہے اور موت کے وقت اس مال کو چھوڑنے پر رنجیدہ اور غمگین ہوتا ہے۔ اس لیے اللہ نے اپنے لطف و کرم اور شفقت سے اس کے ترکہ کا وارث اس کے اَقارب کو مقرر فرما دیا تاکہ انسان یہ جان کر مطمئن ہو جائے کہ میری یہ دولت میرے ہاتھ سے نکل رہی ہے مگر پھر بھی میرے ہی اقارب کو مل رہی ہے۔

انبیاء کرام کی حقیقت شناس نظر پر عام انسانوں کی طرح غفلت کا پردہ نہیں ہوتا۔ ہر چیز کا دنیا میں مستعار ہونا اور مالک و متصرف حقیقی صرف ذاتِ باری تعالیٰ کا ہونا ہر وقت ان کے ذہن میں ہوتا ہے۔ جب انبیاء کی دور بین نگاہیں دنیا کی کسی چیز کا اپنے نفوسِ قدسیہ کو مالک اور مستحق ہی تصور نہیں کرتیں تو اُن کا ترکہ ان کے ورثا کو دلا کر انبیاء کرام کو مطمئن کرنے کی کوئی حاجت تھی اور نہ ضرورت۔ انبیاء کرام کو نہ زندگی میں یہ تمنا تھی کہ ہمارے اقارب کا ترکہ ہمیں ملے اور نہ ہی اس دارِ فانی سے فوت ہوتے وقت اپنے مال کے چھوٹنے کا کچھ ملال ہوتا تھا۔ پس انبیاء کے لیے عام انسانوں کی طرح تسلی اور اطمینان کی سرے سے کوئی حاجت ہی نہ تھی۔

آپ کے دعوی میں مشکوک الفاظ لکھے گئے ہیں، میرے جواب دعوی میں حقیقت کو واضح کر دیا گیا ہے تاکہ کسی کو کوئی ابہام نہ رہے۔



1: خالص ملکیت ☜ یعنی ذاتی ملکیت۔

کسی انسان کے پاس ملکیت آنے کے ذرائع یہ ہیں۔

1: ذاتی محنت و مشقت۔

2: خاندانی وراثت۔

3: تحفے تحائف۔

سُنی و شیعہ متفق ہیں کہ یہودیوں نے نبی کو فدک تحفے میں دیا تھا۔

تحفے تحائف ذاتی حیثیت سے دئے جائیں تو ذاتی ملکیت ہی قرار پاتے ہیں۔ تحفے تحائف بحیثیت حکمران دئے جائیں تو ملک و قوم کی امانت ہوتے ہیں۔

2: ہبہ فدک ☜ کب ہوا اور کتنے سال تک سیدہ فاطمہ کے پاس رہا۔

اس کی وضاحت آپ کو کرنی ہے تاکہ حق واضح ہو سکے۔

3: میراث نبوی ☜ میراث علمی بھی ہوتی ہے اور مال و ملکیت بھی۔

نبی کے پاس بوقت رحلت کتنی ملکیت تھی اور کتنے ورثاء موجود تھے۔ اس کی وضاحت بھی آپ کریں گے۔

اہل تشیع دعوی کا مکمل رد جواب دعوی میں بیان کیا گیا ہے۔

1: فدک خالص ملکیت نبی ☜ انکار۔

فدک بحیثیت حکمران نبی کو حاصل ہوا۔ دنیا میں آج بھی کسی حکمران کو ملنے والا تحفہ ملک و قوم کی امانت ہوتی ہے اس کی ذاتی ملکیت نہیں بن جاتی۔

دلائل دیں کہ حکمران کو ملنے والے تحائف اس کی ذاتی ملکیت بن جاتے ہیں یا نبی نے فدک کو اپنی ذاتی ملکیت قرار دیا تھا۔

2: نبی کی طرف سے سیدہ فاطمہ کو فدک کا ہبہ ہونا ☜ انکار۔

عقلی و نقلی طور پر درست نہیں ہے۔

3: انبیائے کرام کی میراث ☜ انکار۔

میراث اس کی ہوتی ہے جس نے دنیاوی مالی ملکیت جمع کیا ہو۔

بخش حسین حیدری شیعہ: کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس دنیاوی مال نہیں تھا؟ٹو دی پوائنٹ بات کریں لمبی تحریریں مت لکھیں بھائی آپ تو گھبرا گئے۔

جعفر صادق: * ایسی دنیاوی ملکیت نہیں تھی جو بعد میں بطور ورثہ رشتہ داروں میں بانٹ دی جائے۔ *

میرے نکات کلیئر کر دیں تاکہ ممبرز یقین کریں کہ گھبرا کون رہا ہے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ کی باتوں میں تضاد ہے بھائی آپ نے پہلے کہا ملکیت ہوتی نہیں اب کہہ رہے دنیاوی ملکیت ہے۔

جعفر صادق: کونسا تضاد ہے؟میری طرف سے دنیاوی ملکیت کا اقرار دکھائیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: پھر پلٹ جاتے ہیں کیا انبیاء کرام کا دنیاوی مال نہیں ہوتا؟

جعفر صادق: پہلے میری باتوں کا تضاد دکھائیں۔ بوقت رحلت نبی کے پاس کوئی ذاتی مال و ملکیت نہیں تھی جو ورثہ ہوتا۔

* کیا میں دکھاؤں کہ نبی کریم کی رحلت کے وقت آپ کی زرہ ایک یہودی کے پاس گروی رکھی تھی۔ *

بخش حسین حیدری شیعہ: دنیا میں مال نہیں تھا تو رہتے کہاں پر تھے؟ کھاتے پیتے کیا تھے؟ میں دکھا سکتا ہوں انبیاء کرام علیہم السلام کے پاس دنیا میں مال ہوتا ہے۔ آپ نفی کر رہے ہیں۔

چلیں جواب نہیں دینا چاہتے تو میں ڈھیل دیتا ہوں گفتگو آگے بڑھاتا ہوں۔

جعفر صادق: * ہم اس مال و ملکیت کی بات کر رہے ہیں جو بعد وفات بطور ورثہ رشتہ داروں کو ملتا ہے۔ *

آپ بحیثیت مدعی اپنے دعوی کو ثابت کریں اور جواب دعوی کی روشنی میں اپنے دعوی کا دفاع کریں۔ چلیں۔۔ڈھیل سمجھ کر ہی جواب دیں۔ کچھ تو علمی گفتگو کریں۔ اپنے ساتھیوں کو مایوس نہ کریں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: ممتاز بھائی آپ پھر پلٹ رہے ہیں آپ ایسی ملکیت یا ویسی ملکیت کی طرف نہ جائیں۔ مطلقاً ملکیت کا بتائیں یا انکار کر دیں یا اقرار۔ مایوسی گناہ ہے بندہ خدا۔


جعفر صادق: چلیں آپ یہ بتائیں کہ **ہمارے درمیان * نبی کی کونسی ملکیت پر اختلاف ہے۔** * ہم یہاں اختلافی نکات پر گفتگو کر رہے ہیں یا اتفاقی نکات پر ؟ اور دلیل دیں کہ **نبی نے کتنی ملکیت ورثاء کے لئے چھوڑی تھی۔**

* **بالفرض میں تسلیم کرلیتا ہوں کہ فدک نبی کی ذاتی ملکیت تھا اور سیدہ فاطمہ کو فدک عطا کر دیا تھا۔** *

اب اس سے آگے حقائق کی روشنی میں گفتگو کر سکتے ہیں یا نہیں۔ اس کا جواب دیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: ممتاز بھائی آپ پھر آگے چل رہے ہیں جواب ابھی نہیں دیا میں نے مطلقاً ملکیت کی بات کی ہے۔ آپ اس پر جواب دیں پھر آگے چلتے ہیں۔

جعفر صادق: جتنی بنیادی چیزوں کی انسانی زندگی کو ضرورت ہو اس سے زیادہ ملکیت عیش و عشرت کے زمرے میں آتی ہے۔ ہماری بحث اس ملکیت کے متعلق ہے۔ میں آپ کو اصل مدعا پر لانا چاہ رہا ہوں۔ آپ اپنے دعوی کے مطابق گفتگو کریں۔ فدک کے موضوع پر تو سنی و شیعہ کے مابین کئی نکات ایسے ہیں جو زیر بحث لائے جاتے ہیں۔ اس کے متعلق ایک چارٹ بھی بنایا ہے۔ وہ پیش کر رہا ہوں۔



جعفر صادق: **نبی کے پاس بوقت رحلت اتنی رقم بھی نہ تھی کہ اپنی گروی شدہ زرہ یہودی سے چھڑوا سکیں۔** اس سے زیادہ کیا واضح کروں؟ آپ اپنے دعوی تک رہیں۔

دوبارہ پوچھ رہا ہوں کہ ہبہ فدک کو اگر تسلیم کیا جائے تو آگے گفتگو کر سکتے ہیں یا نہیں؟

بخش حسین حیدری شیعہ: ممتاز بھائی جواب دعویٰ پر میرا پہلا سوال تھا آپ اصل نکتے کی طرف آئیں ارد گرد کیوں گھوم رہے ہیں۔ میرا سوال قائم ہے چلیں دوبارہ لکھتا ہوں۔

آپ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ شیعہ سنی متفق ہیں کہ انبیاء کی ملکیت ہوتی ہے چاہے وہ وراثت والی ہو یا بناوراثت کے.. مطلقاملکیت کی بات ہے، ہوتی ہے یا نہیں؟ اور یہ شیعہ سُنی متفقہ فیصلہ ہے؟

جعفر صادق: آپ شروع سے اب تک اصل مدعا کے علاوہ گفتگو کرتے آ رہے ہیں۔

ملکیت کا لفظ عام ہے۔ جسم پر پہنے ہوئے کپڑے بھی ملکیت ہی ہوتے ہیں۔ اگر ایسی ملکیت کا اقرار چاہ رہے ہیں تو بلکل نبی بھی انسان تھے اور باقی انسانوں کی طرح بنیادی ضروریات کا ساز و سامان ان کے پاس تھا۔ یہ بھی واضح کر دوں کہ ایسا سامان بھی صدقہ ہی کر دیا گیا تھا بطور ورثہ تقسیم نہیں ہوا تھا۔

اب آ جائیں اصل موضوع پر جس پر آپ کو گفتگو کرنی ہے۔ ہم اس وقت *باغ فدک* پر گفتگو کر رہے ہیں۔

☜ باغ فدک ایسی ملکیت ہر گز نہیں تھی جو انسانی بنیادی ضروریات میں شامل ہو۔

بخش حسین حیدری شیعہ: ممتاز بھائی آپ گفتگو کو گھمارہے صاف صاف لکھنے سے گھبرا کیوں رہے ہیں۔ میں نے مطلقاً ملکیت کی بات کی۔ ہاں کریں یا ناں کریں۔ کتنی دفعہ سوال کو رکھوں، بتا دیں مجھے آپ برادر

جعفر صادق: میرے ساتھ یہ پہلی بار نہیں ہو رہا۔ اب تو جیسے عادت سی ہو گئی ہے۔ میرے محترم۔۔۔ مدعی کون ہے۔ دلائل کسے پیش کرنے ہیں اور جواب دینے کا ذمہ کس کا ہے۔ ؟ بحر حال۔۔ میں نے اتنا صاف اور واضح جواب دیا ہے کہ اس کے بعد کسی ابہام کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ پھر الفاظ بدل کر لکھتا ہوں۔


ملکیت (عام استعمال کی بنیادی چیزیں) ☜ نبی کے پاس تھیں۔

ملکیت (عیش و عشرت کا سامان یا بطور ورثہ ملنے والا سامان) ☜ نبی کے پاس نہیں تھا۔

٢٩١٦- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: ((تُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَدِرْعُهُ مَرْهُونَةٌ عِنْدَ يَهُودِيٍّ بِثَلاَثِينَ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ)). وَقَالَ يَعْلَى حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ((دِرْعٌ مِنْ حَدِيدٍ)) وَقَالَ مُعَلًّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ وَقَالَ ((رَهَنَهُ دِرْعًا مِنْ حَدِيدٍ)). [راجع: ٢٠٦٨]

(۲۹۱۶) ہم سے محمد بن کثیر نے بیان کیا' انہوں نے کہا ہم کو سفیان ثوری نے خبردی' انہیں اعمش نے' انہیں ابراہیم نے' انہیں اسود نے اور ان سے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی وفات ہوئی تو آپ کی زرہ ایک یہودی کے پاس تیس صاع جو کے بدلے میں رہن رکھی ہوئی تھی۔ اور یعلٰی نے بیان کیا کہ ہم سے اعمش نے بیان کیا کہ لوہے کی زرہ (تھی) اور معلی نے بیان کیا' ان سے عبدالواحد نے بیان کیا' ان سے اعمش نے بیان کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے لوہے کی ایک زرہ رہن رکھی تھی۔

اس حدیث سے زرہ رکھنے کا ثبوت ہوا۔ زرہ لوہے کا کرتہ جس سے جنگ میں سارا جسم چھپ جاتا ہے اور اس پر کسی نیزے یا برچھے کا اثر نہ ہوتا تھا۔ قدیم زمانے میں تقریباً ساری ہی دنیا میں میدان جنگ میں زرہ پہننے کا رواج تھا۔



٢٩١٧- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((مَثَلُ الْبَخِيلِ وَالْمُتَصَدِّقِ مَثَلُ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيدٍ قَدِ اضْطُرَّتْ أَيْدِيهِمَا إِلَى تَرَاقِيهِمَا، فَكُلَّمَا هَمَّ الْمُتَصَدِّقُ بِصَدَقَتِهِ اتَّسَعَتْ عَلَيْهِ حَتَّى تُعَفِّيَ أَثَرَهُ، وَكُلَّمَا هَمَّ الْبَخِيلُ بِالصَّدَقَةِ انْقَبَضَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ إِلَى صَاحِبَتِهَا وَتَقَلَّصَتْ عَلَيْهِ وَانْضَمَّتْ يَدَاهُ إِلَى تَرَاقِيهِ)). فَسَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ ((فَيَجْتَهِدُ أَنْ يُوَسِّعَهَا فَلاَ تَتَّسِعُ)). [راجع: ١٤٤٣]

تشریح یہ حدیث کتاب الزکوۃ میں گزر چکی ہے۔ مطلب اور بخیل اول تو زکوۃ دیتا نہیں دوسرے جبراً قہر حلقے سکڑنے کی یہی تعبیر ہے۔ بخل کی مذمت میں بہت سی کرنے سے اس قدر خوش ہوتا ہے گویا اس کی زرہ نے کشا زیادہ اس کا دل کشادہ ہو جاتا ہے۔ اللہ ہر مسلمان کو یہ خوبی

ہمارے ہاں تو بوقت رحلت نبی ﷺ کی یہ معاشی حالت تھی۔

اب آپ دعوی کے مطابق گفتگو کریں گے یا نہیں۔ صاف صاف بتادیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: دلائل کی باری نہیں آئی ابھی ممتاز بھائی آپ کے جواب دعویٰ پر اشکال ہیں۔ جواب دے کر آگے بڑھیں۔ ممتاز قریشی صاحب برادر عزیز آپ گول گول کیوں گھما رہے ہیں۔

کیا آپ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ شیعہ سنی متفق ہیں کہ انبیاء کی ملکیت ہوتی ہے چاہے وہ وراثت والی ہو یا بناوراثت کے..مطلقاملکیت کی بات ہے ہوتی ہے یا نہیں؟اور یہ شیعہ سُنی متفقہ فیصلہ ہے؟

اس کا جواب عنایت فرمائیں پھر میں آپ کے جواب دعویٰ میں مال فئی کی طرف آتا ہوں نکتہ بہ نکتہ جیسے میں نے کلیئر کیا، جواب دیں ہمت رکھیں بھائی۔

جعفر صادق: یہ اسکین دلیل کی حیثیت سے نہیں رکھا گیا۔ بطور تائید رکھا گیا ہے۔ یہ گول مول کرنا مجھے نہیں آتا۔ آپ وقت ضایع کر رہے ہیں۔ موضوع پر گفتگو نہیں کر پا رہے۔

سنی و شیعہ کے مابین نبی کی ملکیت پر اختلاف ہی یہی ہے۔ جو الفاظ آپ چاہتے ہیں وہی لکھ دیتا ہوں۔

*** نبی کے پاس مطلقاً ملکیت کا نہ ہونا درست نہیں کیونکہ ضروریات زندگی کے سامان نبی کے پاس موجود تھے۔ ***

اب خوش، آگے بڑھیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: بقایا گفتگو کل سے شروع کرتے ہیں۔

جعفر صادق: کل ڈھنگ سے گفتگو کیجئے گا اور تیاری بھی کر کے آیئے گا۔ اللہ حافظ

بخش حسین حیدری شیعہ: ہم کو تیاری کی ضرورت نہیں ہوتی ہم جب چاہیں اس وقت گفتگو کا آغاز کر سکتے ہیں۔ آپ سے بھی اچھے کی امید کرتا ہوں کل جواب عنایت فرمائیں گے۔ وسلام فی امان اللہ برادر عزیز

جعفر صادق: او تیری خیر۔ اب اور کونسا جواب درکار ہے۔ اب تو بس آپ کے جملے کاپی پیسٹ کرنا رہ گیا ہے۔ خوش رہیں۔ کل دعوی کو میرے جواب دعوی کی روشنی میں ثابت کیجئے گا۔ مجھے احساس ہے آپ کی تیاری نہیں تھی۔ میں نے آپشن دے دئے ہیں۔ جیسے چاہیں گفتگو کر سکتے ہیں۔

☜ مجھے اس گفتگو میں یہ ثابت کرنا ہے کہ شیعہ کی باتیں تسلیم بھی کی جائیں تو بھی خلاف حقیقت ہی ہوتی ہیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: میرے عزیز، یہ آپ کی خام خیالی ہے کہ تیاری نہیں تھی فدک پر تو اھل تشیع کے دس سال کے بچے بھی گفتگو کر لیں گے لھاذا آپ کی سوچ پر پہرہ نہیں لگایا جاسکتا۔ اب آتا ہوں اصل مقصد پر۔ آپ نے جو بطور تائید رکھا ہے حوالہ اس سے بھی آپ کا مقصد پورا نہیں ہوتا اس پر بھی چند لفظ لکھ کر حقیقت بیان کرتا ہوں۔ آپ نے کے اس حوالے سے بھی پتہ چل رہا ہے کہ زرہ گروی رکھی تھی لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ ملکیت نہیں تھی۔

کیا کسی چیز کو گروی رکھنے سے ملکیت کی نفی ہوتی ہے وضاحت فرمائیں بھائی۔ اس کے بعد آقا کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گھر بھی تھا جس میں حضرت عائشہ رض عنہا کو بھی حجرہ ملا جس میں وہ رہتی رہیں۔ لھاذا میں نے مطلقاً ملکیت کی بات کی تھی آپ ہاں یا ناں میں جواب دیتے تا کہ گفتگو کو آگے بڑھایا جائے۔

کوشش کیجئے اور تحریر چھوٹی رکھیں بھائی



342 جہاد کے بیان میں

٢٩١٦- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: ((تُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَدِرْعُهُ مَرْهُونَةٌ عِنْدَ يَهُودِيٍّ بِثَلاَثِينَ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ)). وَقَالَ يَعْلَى حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ ((دِرْعٌ مِنْ حَدِيدٍ)) وَقَالَ مُعَلَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا الأَعْمَشِ وَقَالَ ((رَهَنَهُ دِرْعًا مِنْ حَدِيدٍ)). [راجع: ٢٠٦٨]

(۲۹۱۶) ہم سے محمد بن کثیر نے بیان کیا' انہوں نے کہا ہم کو سفیان ثوری نے خبر دی' انہیں اعمش نے' انہیں ابراہیم نے' انہیں اسود نے اور ان سے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو آپ کی زرہ ایک یہودی کے پاس تیس صاع جو کے بدلے میں رہن رکھی ہوئی تھی۔ اور یعلی نے بیان کیا کہ ہم سے اعمش نے بیان کیا کہ لوہے کی زرہ (تھی) اور معلی نے بیان کیا' ان سے عبدالواحد نے بیان کیا' ان سے اعمش نے بیان کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لوہے کی ایک زرہ رہن رکھی تھی۔

اس حدیث سے زرہ رکھنے کا ثبوت ہوا۔ زرہ لوہے کا کرتہ جس سے جنگ میں سارا جسم چھپ جاتا ہے اور اس پر کسی نیزے یا برچھے کا اثر نہ ہوتا تھا۔ قدیم زمانے میں تقریباً ساری ہی دنیا میں میدان جنگ میں زرہ پہننے کا رواج تھا۔

٢٩١٧- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ ... رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((مَثَلُ الْبَخِيلِ وَالْمُتَصَدِّقِ مَثَلُ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيدٍ قَدِ اضْطُرَّتْ أَيْدِيهِمَا إِلَى تَرَاقِيهِمَا، فَكُلَّمَا هَمَّ الْمُتَصَدِّقُ بِصَدَقَتِهِ اتَّسَعَتْ عَلَيْهِ حَتَّى تُعْفِيَ أَثَرَهُ، وَكُلَّمَا هَمَّ الْبَخِيلُ بِالصَّدَقَةِ انْقَبَضَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ إِلَى صَاحِبَتِهَا وَتَقَلَّصَتْ عَلَيْهِ وَانْضَمَّتْ يَدَاهُ إِلَى تَرَاقِيهِ)). فَسَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ ((فَيَجْتَهِدُ أَنْ يُوَسِّعَهَا فَلاَ تَتَّسِعُ)). [راجع: ١٤٤٣]

تشریح: یہ حدیث کتاب الزکوۃ میں گزر چکی ہے۔ مطلب اور بخیل اول تو زکوۃ دیتا نہیں دوسرے جراً قہر حلقے سکڑنے کی یہی تعبیر ہے۔ بخل کی مذمت میں بہت سی کرنے سے اس قدر خوش ہوتا ہے گویا اس کی زرہ نے کشا زیادہ اس کا دل کشادہ ہو جاتا ہے۔ اللہ ہر مسلمان کو یہ خوبی

جعفر صادق: دس سال کے بچے اور آپ میں اگر کوئی فرق ہے تو نظر بھی آنا چاہئے۔ میں گفتگو کو دوبارہ سمیٹتا ہوں تا کہ ممبرز جان سکیں کہ آپ اپنے دعوی کے مطابق گفتگو کیوں نہیں کر پا رہے۔

آپ نے دعوی میں تین الگ الگ ایسے نکات لکھ دیۓ ہیں جن کو ایک ہی وقت درست ماننا عقلی و نقلی طور پر درست ہی نہیں ہے، یعنی ان میں سے کوئی ایک بات ہی درست ہو سکتی ہے۔

1: نبی کی خالص ملکیت فدک ☜ یہ ملکیت نبی کو یہودیوں نے کس وجہ سے دی۔

اس پر آپ دوٹوک جواب دینے سے فرار اختیار کر چکے کیونکہ بحیثیت حکمران تسلیم کریں گے تو ایسی ملکیت ذاتی ملکیت قرار نہیں پاتی۔ اگر بالفرض فدک کو نبی کی ذاتی ملکیت تسلیم بھی کر لیا جائے تو اس سے یہ تصور ذہن میں آتا ہے کہ نبی کے پاس اپنی کافی ملکیت ہو گی جس میں سے سیدہ فاطمہ کو بھی عطا فرما دی، اس کے لئے آپ کو دلیل سے ثابت کرنا پڑے گا کہ نبی بوقت رحلت مالدار و امیر کبیر تھے۔ جبکہ ایک جھلک دکھا دی گئی ہے کہ بوقت رحلت نبی کی اپنی زرہ گروی تھی۔

2: فدک سیدہ فاطمہ کو عطا کرنا

☜ اس نکتے پر آپ سے پوچھا گیا کہ یہ کب دیا گیا تو آدھی بات بتادی اور آدھی بات کو موضوع سے خارج قرار دے دیا۔ میں اس آدھی بات (آیت ذی القربی) کو تسلیم کرتے ہوئے اشکالات بعد میں پیش کروں گا، فی الوقت سن ھجری (سات ھجری) بتانے سے آپ نے فرار اختیار کیا ہے کیونکہ اس کے بعد آپ نبی کریم کی رحلت (گیارہ ھجری) تک فدک کا تین چار سال سیدہ کے زیر تسلط رہنا ثابت نہیں کر سکتے۔

3: انبیائے کرام کی میراث

☜ اس نکتے پر آپ سے پوچھا گیا کہ بوقت رحلت نبی کے کتنے ورثاء موجود تھے تو اس سے بھی آپ نے فرار اختیار کیا کیونکہ تمام ورثاء بتانے سے فدک کا بطور میراث صرف ایک کو ملنا قرآن و سنت کے صریح خلاف ہے۔ گذشتہ ایک مناظرے (حق زہرا ص208) میں شیعہ عالم دلشاد نے اسی وجہ سے مجبور ہو کر اقرار کر لیا تھا کہ " سیدہ فاطمہ نے پورے فدک کا مطالبہ نہیں کیا تھا بلکہ اپنے حصے کا مطالبہ کیا تھا۔ "آپ نے اس سوال سے بھی فرار اختیار کیا کیونکہ باقی ورثاء کا بتانے سے حق واضح ہو جاتا ہے۔

نتیجہ: فدک واقعی بچوں کو جذباتی بنا کر اہم مسئلہ بنا دیا گیا ہے، اگر اس پر غور و فکر کیا جائے تو معاملہ بالکل سادہ اور کلیئر ہے۔

آپ نے نبی کی زرہ گروی رکھنے پر ایک ہی اشکال بار بار لکھ دیا ہیں۔ میں کلیئر کر دیتا ہوں۔

شیعہ اشکال کا رد: کوئی چیز گروی رکھنے سے ملکیت کی نفی ثابت نہیں ہوتی۔

کسی بھی انسان کے لئے قرض لینے کی تین اہم وجوہات ہوتی ہیں۔

1: جب بنیادی ضروریات مثلاً کھانے پینے کی قلت ہو۔

2: جب رہائش کے لئے گھر یا دیگر بنیادی چیزوں کی شدید ضرورت ہو۔

3: عیش و عشرت کا دیگر سامان درکار ہو۔

نبی کو گھر کی ضرورت نہ تھی۔ عیش و عشرت کا تصور آپ کے ہاں ہو گا ورنہ فدک کو نبی کی ذاتی ملکیت ثابت کرنے کی ضد میں ایسے اشکال پیش ہی نہ کرتے۔

اگر صحیح بخاری کی وہ حدیث مکمل سمجھ لیتے تو حق واضح ہو جاتا کہ نبی نے قرض کیوں لیا، قرض لینے کی پہلی وجہ ہی درست ہے۔ اسی حدیث میں *__تیس صاع جو__* پر وہ زرہ گروی رکھی گئی تھی۔ (صاع: غلہ ناپنے کا ایک پیمانہ جو اہل حجاز کے حساب سے 4 مد (4) پونڈ)

جس انسان کے پاس پہلے سے عیش و عشرت والی ملکیت ہو وہ کھانے پینے کی قلت کا سامنا بھی کرے اور اپنی ضروری چیزوں کو گروی بھی رکھے یہ عقلی طور پر درست نہیں ہے۔

ازواج مطہرات کے حجرے

* ازواج مطہرات کے پاس جو حجرے تھے، وہ بطور میراث ان کو نہیں ملے تھے بلکہ رسول پاک ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں ہر زوجہ کو ایک ایک حجرہ بنوا کر ان کے قبضہ میں دے دیا تھا اور ازواج نے رسول پاک ﷺ کی حیات میں ان پر قبضہ بھی کر لیا تھا اور ہبہ مع قبضہ موجب ملکیت ہے جیسا کہ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو بھی حضور ﷺ نے اس قسم کے گھر بنوا کر ان کی تحویل میں دے دیئے تھے اور ازواج مطہرات اور یہ لوگ ان گھروں کے مالک تھے لہذا یہ حجرے ازواج کو میراث نہیں ملے تھے بلکہ یہ تو ان کی ملکیت تھے۔

قرآن مجید سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے کہ یہ حجرے ازواجِ مطہرات کی ملکیت تھے۔ نیز یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ یہ حجرے خود حضور ﷺ نے اپنی حیات میں ازواج کی ملکیت میں دے دیئے تھے۔

* القرآن: وقرن فی بیوتکن ترجمہ: اے رسول کی بیبیو! اپنے گھروں میں رہو (سورۂ احزاب، آیت 33، پارہ 22) *

اگر یہ حجرے ازواج کی ملکیت نہ ہوتے تو پھر قرن فی بیوت الرسول (رسول کے گھروں میں قرار پکڑو) ہونا چاہئے تھا پس اس سے ثابت ہوا کہ حجرے ازواج مطہرات کی ملکیت تھے اور میراث میں ان کو نہیں ملے تھے۔

عالم صاحب۔۔ آپ مدعی ہیں۔ مجھے لمبی تحریریں لکھنے پر مجبور نہ کریں۔

دراصل آپ اپنے دعوی کے مطابق گفتگو نہیں کر پارہے، میں تو آپ کے دعوی کے دو شر وعاتی نکات (فدک نبی کی ذاتی ملکیت اور سیدہ کو ہبہ ہونا) تسلیم کر کے گفتگو کرنا چاہ رہا ہوں۔ آپ اس کا بھی جواب نہیں دے سکے۔

آج میں آپ کو آخری آپشن دیتا ہوں۔ مجھے اپنے جواب دعوی کو ثابت کرنے کا کہیں، میں جواب دعوی کے تینوں نکات قرآن اور سُنی و شیعہ معتبر کتب سے دلائل دیکر ثابت کروں گا۔ ان شاءاللہ۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آج مجلس میں ہوں تاخیر کے لئے معذرت۔

جعفر صادق: ٹھیک ہے۔ جب فارغ ہو جائیں تو جواب دیجئے گا۔

بخش حسین حیدری شیعہ: پھر آپ کا جواب دعویٰ باطل ٹھہرا۔ لکھیں کہ میں اقرار کرتا ہوں فدک ملکیت تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی اور فدک سیدہ النساء العالمین کو ہبہ کر دیا تھا۔

اس تحریر میں دیکھیں آپ پھر پلٹ رہے ہیں نبی اور حکمران الگ الگ کر رہے ہیں بات پھر وہیں پر آ گئی ہے

آپ اس کی وضاحت ضرور فرمائیں کہ جب آقا کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی تھے اس وقت حکمران نہیں تھے اور جب حکمران تھے اس وقت نبی نہیں تھے۔

کوشش کریں کم لفظوں میں جواب بیان کریں نہیں تو اگلی دفعہ میں دلائل سے ثابت کروں گا۔

جعفر صادق: ایک ہے دعوی اور ایک ہے جواب دعوی۔ دعوی آپ کا ہے۔ دعوی پر گفتگو اس طرح کر سکتے ہیں تو بتائیں۔

بالفرض فدک نبی کی ملکیت مان لی جائے اور ہبہ بھی تسلیم کیا جائے تو---

☜ جواب دعوی میری طرف سے ہے آپ چاہیں تو اس کے مطابق بھی گفتگو کی جاسکتی ہے۔ پھر آپ مدعی نہیں رہیں گے۔

میں پہلے بھی اس نکتہ کی وضاحت کر چکا ہوں۔ نبی آخر الزمان کی دو حیثیتیں ہیں۔ **منصب نبوت اور حکمران۔**

ایک نبی میں دو حیثیتیں گذشتہ انبیاء کرام میں بھی تھیں۔ جیسے حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہ السلام نبی اور حکمران بھی تھے۔ میں جو نکتہ بار بار پوچھ رہا ہوں اسے دوبارہ سمجھیں۔

یہودیوں نے فدک کو کس حیثیت سے تحفے میں دیا۔
1: محمد بن عبداللہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی حیثیت سے۔
2: حکمران کی حیثیت سے۔

میں الگ نہیں کر رہا۔ آپ سے اس کے متعلق سوال پوچھ رہا ہوں۔

*** کیا یہودیوں نے دونوں حیثیتوں کو تسلیم کر کے فدک تحفے میں دے دیا۔ ***

آپ کو اس کے متعلق کچھ نہ کچھ تو جواب دینا چاہئے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ پھر پلٹ گئے اب سوال آپ کے جواب دعویٰ پر ہیں نہ کہ میرے دعویٰ پر ممتاز بھائی نیند میں تو نہیں ہیں۔ اب پہلے بتائیں سوال جواب دعویٰ پر ہیں یا دعویٰ پر؟

جعفر صادق: مطلب آپ کیا چاہتے ہیں۔ میں کیا لکھوں جس سے آپ سمجھیں کہ میں پلٹ نہیں رہا؟ جواب دعوی پر آپ بحیثیت مدعی سوال کرنے سے پہلے اپنے دعوی کے حق میں دلائل دینے اور میرے اشکالات کو کلیئر کرنے کے پابند ہیں۔ یا اپنے دعوی سے پیچھے ہٹ جائیں۔ میں جواب دعوی پر گفتگو کے لئے بھی تیار ہوں۔

شیعہ مناظر کے تین سوال

بخش حسین حیدری شیعہ: ممتاز بھائی اب میں ترتیب سے لکھتا ہوں تا کہ سب کو سمجھ آجائے پھر دلائل سے گفتگو کرتے ہیں۔

1: آپ سے سوال کیا گیا مطلقاً ملکیت پر آپ نے تسلیم کیا پھر پلٹ گئے۔

2: آپ سے سوال کیا گیا کہ آپ بتائیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کو جب فدک ملا اس وقت وہ نبی نہیں تھے حکمران تھے اگر حکمران تھے تو نبی نہیں تھے اس پر بھی آپ لاجواب ہو گئے کبھی تسلیم کرتے ہیں وہ دونوں تھے نبی بھی تھے اور حکمران بھی۔ پھر اس بات کو علیحدہ علیحدہ کر دیتے ہیں بغیر دلیل کے ۔

3: آپ کے جواب دعویٰ پر سوال کیا گیا ہے آپ باقاعدہ اس کا جواب مجھ سے طلب کر رہے ہیں میری جان ایسا ہوتا ہے۔

میرے دعویٰ پر جو اشکال آپ کے تھے کیا اس کا جواب آپ نے دیا تھا نہیں ہم نے دیا آپ سچ لکھنے سے قاصر ہیں۔ پھر آپ نے شرائط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے دلائل دینا شروع کر دیے۔ جب سوال کیا گیا کہ دلائل کی باری نہیں آئی تو آپ نے کہا تائید میں رکھا ہے تاکہ ملکیت کی نفی کر سکوں حالانکہ اس سے بھی آپ کا مقصد پورا نہیں ہوا۔

ممتاز بھائی اب چلتے ہیں اپنے دعویٰ میں لکھے گئے پہلے حصہ کی طرف فدک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملکیت تھا۔ آپ نے اس کا انکار کیا۔ جواب دعویٰ میں ملکیت کا انکار کر دیا۔

میں اب دلائل سے ثابت کرتا ہوں لھاذا امید کرتا ہوں آپ جواب دیں گے اپنی تاویلات کے بغیر۔

شیعہ کی طرف سے دعوی کی تائید میں دلیل

أعوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطانِ الرَّجيم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اول ما خلق الله العقل

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے عقل کو خلق کیا اور اس عقل کو رکھا انسان کے اندر تاکہ وہ پہچان کر سکے حق اور باطل کی۔

اب میں قرآن مجید کی آیت پیش کرتا ہوں۔

☟☟☟

القرآن-سورۃ نمبر 59 الحشر آیت نمبر 6

وَمَاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَاۤ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰـكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

(مولانا فتح محمد جالندہری): اور جو (مال) خدا نے اپنے پیغمبر کو ان لوگوں سے (بغیر لڑائی بھڑائی کے) دلوایا ہے اس میں تمہارا کچھ حق نہیں کیونکہ اس کے لئے نہ تم نے گھوڑے دوڑائے نہ اونٹ لیکن خدا اپنے پیغمبروں کو جن پر چاہتا ہے مسلط کر دیتا ہے۔ اور خدا ہر چیز پر قادر ہے۔

(مولانا سید ابو الاعلی مودودی): اور جو مال اللہ نے اُن کے قبضے سے نکال کر اپنے رسول کی طرف پلٹا دیے، وہ ایسے مال نہیں ہیں جن پر تم نے اپنے گھوڑے اور اونٹ دوڑائے ہوں، بلکہ اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے تسلط عطا فرما دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

(مفتی محمد تقی عثمانی): اور اللہ نے اپنے رسول کو ان کا جو مال بھی فئی کے طور پر دلوایا۔ اس کے لیے تم نے نہ اپنے گھوڑے دوڑائے، نہ اونٹ، لیکن اللہ اپنے پیغمبروں کو جس پر چاہتا ہے، تسلط عطا فرما دیتا ہے۔ اور اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔

ممتاز بھائی اھل سنت کے تین علماء کرام کے تراجم پیش کیے ہیں اب ایک کتب کا سکین دیتا ہوں تاکہ جواب دینے میں آپ کو پریشانی نہ ہو۔

فدک خالص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تھا جو بغیر لشکر کشی جنگ جدل کے حاصل ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملکیت تھا۔

الحاوي الكبير

في فقه مذهب الإمام الشافعي رضي الله عنه

وهو شرح مختصر المزني

تصنيف

أبي الحسن علي بن محمد بن حبيب الماوردي البصري

تحقيق وتعليق

الشيخ علي محمد معوض — الشيخ عادل أحمد عبد الموجود

قدم له وقرظه

الأستاذ الدكتور محمد بكر إسماعيل أستاذ بجامعة الأزهر

الأستاذ الدكتور عبد الفتاح أبو سنة جامعة الأزهر

الجزء الرابع عشر

دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

رسول الله ﷺ بأرض الحَبشة من خالد بن سعيد بن العاص، وساق النجاشي صداقها أربعمائة دينار، وقتل بخيبر من اليهود ثلاثة وتسعين رجلاً، وقتل من المسلمين خَمْسَةَ عشر رجلاً، ولما سمع أهل فدك ما فعل بأهل خيبر بعثوا إلى رسول الله ﷺ أن يحقن دماءهم، ويسيرهم ويخلوا له أموالهم، ومشى وبينه وبينهم مُحَيِّصة بن مسعود فاستقر على هذا، وصارت فدك خالصة لرسول الله ﷺ؛ لأنه أخذها بلا إيجاف خيل ولا ركاب، فكانت فيئاً له، وكانت خير غنيمة للمسلمين.

ولما صالح أهل خيبر على النصف من الثمر صالح أهل فدك على مثله لهم نصف الثمر بعملهم ونصفه لرسول الله ﷺ بالفيء.

وعاد رسول الله ﷺ من خيبر إلى وادي القرى، ثم سار إلى المدينة وفي سفره هذا نام عن صلاة الصبح حتى طلعت الشمس، فأمر بلالاً فأقام الصلاة، وصلى فلما سلم أقبل على الناس، وقال: «إذا نَسِيْتُمْ الصَّلاَة فصلوها إذا ذَكَرْتُمُوهـا، فإنَّ اللَّهَ تعالى يقول: ﴿أَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِي﴾»(١) [طه: ١٤].

ولما عاد إلى المدينة اتخذ منبره درجتين والمستراح، وصار يخطب عليه بعد الجذع الذي كان يستند إليه، ولما عدل عنه إلى المنبر حَنَّ إليه.

فصـل: [سرايا رسول الله ﷺ بعد خيبر]

[سرية عجز هوازن]

ثم بعث رسول الله ﷺ بعد خيبر خمس سرايا فأولها سرية عمر بن الخطاب في شعبان في ثلاثين رجلاً إلى عجز هوازن، وهم في مترية على أربع ليال من مكة طريقاً صعباً، فهربوا، وعاد، ولم يلق كيداً.

[سرية بني فزارة]

ثم بعث بعده سرية أبي بكر في شعبان إلى بني فزارة بنجد، فشن الغارة عليهم بعد صلاة الصبح، فسبى، وقتل.

[سرية بني مرة]

ثم بعث بعده سرية بشير بن سعد في شعبان إلى بني مُرّة بناحية فدَك في ثلاثين رجلاً فاستاقوا أنعم القوم، ثم أدركوهم، فقتلوهم جميعاً إلا بشير بن سعد نجا وحده واسترجعوا النَّعَمَ.

(١) أخرجه مسلم (١/ ٤٧٧) كتاب المساجد ومواضع الصلاة حديث (٣١٦) بنحوه وكذا الدارقطني في سننه (١/ ٣٨٦).

فدک خالصۃ لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شیعہ مناظر کے تین سوال اور تینوں کے جوابات

جعفر صادق: میں بھی مختصر ترتیب سے جواب دیتا ہوں۔

1:* میں نے تسلیم کیا ☜ ملکیت جو بنیادی ضروریات کے سامان کے متعلق ہے۔ نبی کریم نے پوری زندگی فقر میں گذار دی کوئی عیش و عشرت کا سامان جمع نہیں کیا۔*

اس میں کیا ابہام ہے جسے پلٹنا کہا جائے۔

2: نبی پہلے دن سے حکمران تھے۔ فدک اس وقت ملا جب خیبر فتح ہوا اور یہودیوں پر دہشت طاری ہوئی۔*ڈر اور خوف سے مجبور ہو کر فدک دیا گیا۔*

☜ لاجواب کون ہو تا رہا ہے۔ اس کی فکر نہ کریں۔

3: چلیں اس سوال کو دوبارہ لکھیں جو میرے جواب دعوی پر کیا گیا ہے اور میں جواب نہیں دے سکا۔ 👍

آپ نے اپنے دعوی پر میرے کسی اشکال کا ڈھنگ سے جواب نہیں دیا۔* کیا میں نمبر ڈال کر وہ تمام سوالات لکھوں۔ آپ ترتیب سے جواب دیں گے *؟

میں مدعی نہیں ہوں۔ دلائل دینا آپ کے ذمہ ہے۔ شرائط کی خلاف ورزی کا آپ سے سن کر حیرت ہو رہی ہے۔

* فدک یہودیوں نے دوست سمجھ کر نبی کی ملکیت میں دے دیا تھا تو آپ کو ثابت کرنا ہے۔*

فدک خالص نبی کی ملکیت تھا تو اس ملکیت کا تعین کون کرے گا؟* کیا فدک نبی کی خاندانی جائیداد تھی؟ یا محنت مزدوری سے خریدا تھا؟

☜ آپ مدعی ہو۔ میرے اعتراضات کا مدلل جواب دیں۔ یا مجھے موقعہ دیں۔

چلیں۔۔ یہ تو واضح ہو گیا کہ آپ اپنے دعوی کے مطابق گفتگو کرنا چاہتے ہیں۔ اتنا وقت ضایع کیا۔ ان دلائل پر کئی بار گفتگو کی جا چکی ہے۔ آپ میری مانیں گے نہیں اور آپ کے دلائل سے نکالا گیا من پسند مفہوم میں تسلیم نہیں کروں گا۔ اس لئے گفتگو کو الگ طریقے سے کرنے کا خواہشمند ہوں تا کہ حق واضح ہو جائے۔

* آپ کے دعوی کی روشنی میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں کہ فدک کی ذاتی ملکیت تسلیم کی جائے تو یہ وضاحت درکار ہے کہ نبی نے سیدہ کو کب یہ تحفہ عطا فرمایا؟*

ہماری گفتگو *فدک کے ہبہ* ہونے سے شروع ہو گی ذرا عوام کو پتہ تو چلے کہ اہل تشیع کے اس مؤقف میں کتنی سچائی ہے۔ پھر ہم نبی کے ورثاء پر گفتگو کریں گے اس طرح میراث پر شیعہ مؤقف بھی سب کے سامنے عیاں ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ کے سامنے قرآن مجید کی آیت پیش کی ہے اور ایک کتاب الحاوی الکبیر کا سکین رکھا ہے میری پسند کی تو بات ہی نہیں۔ آپ ثابت کریں اس میں میں نے کون سا اپنی پسند کا معفوم بیان کیا ہے

آپ لکھ دیں میں تسلیم کرتا ہوں فدک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملکیت تھا، پھر ہبہ کی طرف چلتے ہیں ملکیت تسلیم کریں۔ میں سفر میں ہوں تصویر آپ کو پرسنل کر دی ہے لھاذا گفتگو کل شروع کروں گا۔

جعفر صادق: چلیں میں پہلے آپ کی دلیل کارد کر دیتا ہوں اور کچھ سوال بھی پوچھتا ہوں۔ دیکھتے ہیں کہ آپ اپنی دلیل کارد کیسے کرتے ہیں۔ ممبرز کو پتہ چلے کہ اہل سنت کا مؤقف کتنا مضبوط ہے۔ 👍

کیا مال فئی کے متعلق بس یہی ایک آیت ہے۔ اس سے اگلی آیت کیوں پیش نہیں کی؟ جس میں فدک کے تمام اصل مالکان کا الگ الگ ذکر کیا گیا ہے۔

👇👇👇

قد سمع اللہ ۲۸ — ۹۹۶ — الحشر ۵۹

مَآ	اَفَآءَ	اللّٰهُ	عَلٰی رَسُوْلِهٖ	مِنْ اَهْلِ الْقُرٰی	فَلِلّٰهِ	وَلِلرَّسُوْلِ
ما..	آفا...ء	ل لاہ	ع لا ر رسول ہی	من آہ لل ق را	ف لل لاہ	ولر رسول
جو کچھ	پلٹا دے	اللہ	اپنے رسول کی طرف	بستیوں کے لوگوں سے	سو وہ ہے اللہ کا	اور اس کے رسول کا

وَلِذِی الْقُرْبٰی	وَالْیَتٰمٰی	وَالْمَسٰکِیْنِ	وَابْنِ السَّبِیْلِ	کَیْ	لَا یَکُوْنَ	دُوْلَةً
ول ذل قربا	ول ی تا ما	ول م سا کی ن	وب نس س بی ل	کا ئی	لا ئی کون	دول تم
اور رسول کے رشتہ داروں کا	اور ہے یتیموں	اور مسکینوں	اور مسافروں کے لیے	تاکہ	نہ کرتا رہے وہ	گردش

بَیْنَ الْاَغْنِیَآءِ مِنْکُمْ ط	وَمَآ	اٰتٰکُمُ	الرَّسُوْلُ	فَخُذُوْهُ ق	وَمَا	نَهٰکُمْ عَنْهُ
بائی نل آغ ن یا...ء من کم	وما..	آتا ک م	رسول	ف خ ذو ہ	وما	ن ہا کم عن ہ

تمہارے مالداروں کے درمیان ہی ۔ اور جو کچھ دے تمہیں رسول سو اسے لے لو اور جس سے روک دے تم کو رسول ،

فَانْتَهُوْا ج	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ ط	اِنَّ اللّٰهَ	شَدِیْدُ	الْعِقَابِ ۞7
فن ت ہو	وت ت قل	لاہ	ان نل لاہ	ش دی د	ل ع قاب
پس رک جاؤ (اس سے)۔	اور ڈرو	اللہ سے ۔	بلاشبہ اللہ	بہت سخت ہے	سزا دینے میں ۞7

وقف لازم

سورت الحشر آیت 7

کیا مال فئی میں صرف فدک ہی نبی کے پاس تھا؟ سیدہ نے صرف فدک کا مطالبہ کیوں کیا؟ اس آیت کی رو سے تمام مال فئی سیدہ کا حق ہونا چاہئے۔ آپ کا کیا خیال ہے؟

وَمَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٦﴾

اور جو (مال) خدا نے اپنے پیغمبر کو ان لوگوں سے (بغیر لڑائی بھڑائی کے) دلوایا ہے اس میں تمہارا کچھ حق نہیں کیونکہ اس کے لئے نہ تم نے گھوڑے دوڑائے نہ اونٹ لیکن خدا اپنے پیغمبروں کو جن پر چاہتا ہے مسلط کر دیتا ہے۔ اور خدا ہر چیز پر قادر ہے

(سورت الحشر آیت 6)

مَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَىٰ فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنكُمْ ۚ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانتَهُوا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٧﴾

جو مال خدا نے اپنے پیغمبر کو دیہات والوں سے دلوایا ہے وہ خدا کے اور پیغمبر کے اور (پیغمبر کے) قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور حاجتمندوں کے اور مسافروں کے لئے ہے۔ تاکہ جو لوگ تم میں دولت مند ہیں ان ہی کے ہاتھوں میں نہ پھرتا رہے۔ سو جو چیز تم کو پیغمبر دیں وہ لے لو۔ اور جس سے منع کریں (اس سے) باز رہو۔ اور خدا سے ڈرتے رہو۔ بے شک خدا سخت عذاب دینے والا ہے۔

(سورت الحشر آیت 7)

فدک کی ملکیت کے حصیدار

1: اللہ عزوجل۔

2: نبی کریم۔

3: نبی کریم کے قرابت دار۔

4: یتیم۔

5: حاجتمند

6: مسافر

آیت 7 کے آخری جملے غور طلب ہیں۔ اگر شیعہ منطق واقعی عین قرآن کے مطابق ہے تو مطلب *فدک اور تمام مال فئی صرف ایک خاندان کے پاس ہونا چاہیئے جبکہ آیت میں تمام حصہ دار بیان کرکے یہ نفی بیان کی گئی ہے کہ اس مال فئی سے مخصوص لوگوں کے ہاتھوں میں دولت ٹھہر نہ جائے بلکہ معاشرے میں مسلسل تقسیم ہوتا رہے۔*

اب میں جوابی دلیل پیش کر رہا ہوں۔

اہل سنت دلیل # 1

شیعہ کتب کے مطابق فدک مال فئی میں سے ہے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کے ساتھ یتیم، مسکین اور مسافروں کا حق ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قائم مقام کا ہے۔

شیعہ کتب: 1: مرآت العقول (علامہ باقر مجلسی) الجز 6 ص 252

2: المبسوط فی فقہ الامامیہ (علامہ طوسی) ج 2 ص 64

مِرْآةُ العُقُول

فِي شَرْحِ أَخْبَارِ آلِ الرَّسُول

تأليف

2: اگلی آیت نمبر 7 کی تفسیر جس میں تقسیم کا ذکر ہے اوپر والی آیت سے کس طرح جدا ہے۔

3: جب ذاتی ملکیت آ گئی تو تقسیم کیوں۔

4: فدک ہبہ کرنے والی روایت۔

5: فئ اور غنیمت ایک چیز ہے۔

جعفر صادق: جزاک اللہ۔ اس کے علاوہ بھی کئی اہم نکات ہیں۔ پی ڈی ایف پر کام شروع کر دیا ہے۔ بہت جلد اس میں ان تمام نکات کی مکمل فہرست بھی شامل کروں گا۔

ممبر محمد عباس کا جواب: یہ آیت منسوخ ہے وہ بھی واضح کر دیا بخش حسین نے، اور پوائنٹ نمبر 3،4،5 کا جواب دوران مناظرہ مل چکا ہے اگر آپ سارا مناظرہ دیکھتے تو ایسی باتیں نہیں کرتے۔

بخش حسین حیدری شیعہ کا جواب: بھائی اس کا جواب دیا جا چکا ۔ تہذیب الاحکام کی جو روایت پیش کی گئی اس کا راوی مجھول ہے علا جس کی مکمل فہرست آپ موسوعہ الحدیث میں دیکھ سکتے۔ ب آیت نمبر 7 منسوخ ہے اس پر میں نے دلائل دیئے اگر اور دلائل چاہتے ہیں تو ان دلائل سے ہٹ کر نئے دلائل سے ثابت کر سکتا ہوں۔ سورہ انفال کی آیت نمبر 41 پر بات کریں گے تو اس میں خمس کا ذکر ہے جس کا تعلق مال غنیمت سے۔ بھائی فئی میں کب تقسیم ہے (یعنی فئی میں کوئی تقسیم نہیں ہے) مال غنیمت میں ہے۔ فدک ہبہ کرنے والی روایت پر ممتاز قریشی صاحب نے بات ہی نہیں کی۔ فئی اور غنیمت الگ الگ ہیں ایک نہیں ہے تفسیر جلالین اور تفسیر مظہری سے حوالہ جات پیش کر چکا ہوں گفتگو چلتی تو آگے بھی کرتا۔

جعفر صادق: اللہ اللہ کریں۔ میں نے آپشن دیا تھا کہ فدک کو ہبہ تسلیم کرنے کے بعد گفتگو کر سکتے ہیں تو میں تیار ہوں۔ آپ راضی نہیں ہوئے کیونکہ اس افسانے کی حقیقت کھل جاتی۔

ممبر سفیان علی: اسلام و علیکم تمام برادران کو۔ اور بخش بھائی کو مبارک باد کے انہوں نے ماشاء اللہ شروع سے ہی جو ایک اپنا دعویٰ کیا اسی پر مضبوطی سے ڈٹے رہے اور اسی کے حساب سے دلائل بھی لگائے ٹو دی پوائنٹ اور اپنا موقف (فدک نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملکیت (خاصہ) ثابت کیا اور قرآن کی سورہ الحشر آیت نمبر 6 سے دلیل دی اور کتب سے اسی آیت کے ذمرے میں ثابت کیا۔

اسکے بعد ممتاز صاحب جو کہ شروع سے ہی اپنے موقف سے ادھر ادھر ہوتے آئے اور زیادہ تر اپنی ذاتی رائے کو ترجیح دیتے رہے اور آیت نمبر 6 میں مصارف کا ذکر نہیں لیکن ممتاز صاحب آیت نمبر 7 کے ہی مصارف آیت 6 مال فئے پر لاگو کرنے کی بے جوڑ کوشش میں رہے اس کے باوجود کہ انکے ہاں آیت نمبر 7 منسوخ ہے اور اسکی وضاحت آگے سورہ الانفال کی آیت 41 میں کی گئی ہے جہاں مال غنیمت کا ہی ذکر ہے جبکہ ممتاز صاحب اس آیت کو بھی یا تو سمجھنے سے قاصر رہے یا چلاکی سے مال فئے کو اس غنیمت والے کھاتے میں ڈال کر چکر دینا چاہتے تھے۔

لیکن بہر حال مناظرہ بہت اچھا رہا اور بخش بھائی کو مبارک اچھے طریقے سے گفتگو انجام دی۔

جعفر صادق: ممبرز کو بھی اپنی رائے دینے کا حق ہے۔ سب کے لئے احترام ہے۔ اس لئے خاموش ہوں۔ مناظرین کو خاموش رہ کر ان کی رائے سے بھی سیکھنا چاہئے۔

ممبر محمد عباس: پہلی بات امام محمد باقر کے قول پر بخش حسین نے جرح کی لیکن اس کو ممتاز صاحب نے نہیں مانا اور دوسری بات مولا کے فرمان لفظ موجود ہیں یضعہ ما یشاء یعنے مال فے رسول کا ہے لیکں رسول جسے چاہے دے دے۔

ممبر نام؟؟ گلیکسی موبائیل: السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔ اس دفعہ فریقین کے مابین بہت اچھا مناظرہ رہا پچھلے مناظرہ میں ایک بھائی نے دل کھول کر جانبداری کا مظاہرہ کیا تھا اس بار ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ بے شک وٹس ایپ گروپ پر مناظرہ کرنے سے سنی شیعہ اختلاف کا خاتمہ ناممکن ہے البتہ یہ بات بھی یقینی ہے کہ ان مناظروں سے فریقین موقف کا جتنا کھل کر دلائل کے ساتھ سمجھ آتا ہے اتنا ہمیں پہلے معلوم نھیں تھا بہت ہی اچھی معلومات ملتی ہیں۔ سب سے اچھی اور قابل تعریف بات یہ ہے کہ دونوں فریقین کی طرف سے مقدسات کا نام تعظیم سے لیا جاتا رہا، اس بات پر دونوں مناظرین شاباش کے لائق ہیں میرے پاس ایسے الفاظ بھی نھیں ہیں کہ جن الفاظ کے ساتھ ان کا شکریہ ادا کیا جا سکے ۔ بہر حال اگلے مناظرے کا شدت سے انتظار رہے گا۔

ممبر جبران علی: ممتاز قریشی صاحب آپ نے دوران مناظرہ السید خوئیؒ کی کتاب میں موجود اس عبارت ☜ ھو متحدہ مع مابعدہ ☞ کو راوی کی مدح سمجھا تھا۔ ذرا ہمیں بتائیں گے کہ یہ جملے راوی کی مدح پر کیسے دلالت کرتے ہیں جبکہ اس کا مطلب صرف اتنا ہے کہ پچھلا راوی جس کا ذکر ہوا اور یہ والا اور جو اگلا آئے گا ایک ہی ہیں۔ رہنمائی کیجیئے گا جزاک اللہ۔

جعفر صادق: اسی جواب کے اوپر ایک اسکین میں وہ تمام پیجز بھی موجود ہیں۔ پچھلے اور اگلے راوی کے متعلق علامہ خوئی کی رائے واضح پڑھی جاسکتی ہے بلکہ پچھلے راوی کے متعلق واضح مدح کے الفاظ بیان کئے گئے ہیں۔ اس اسکین کے پیج 138 میں راوی علی بن محمد بن زبیر کے اوپر پچھلے راوی کے متعلق علامہ خوئی کی رائے دیکھیں۔

ممبر انیس رضا: اسلام وعلیکم ماشااللہ۔ بہت اچھی گفتگو رہی اور بخش حیدری صاحب کو مبارک ہو بہت مدلل گفتگو کی پوائنٹ پر ۔ جبکہ ممتاز صاحب نے قیاس سے کام لیا قرآن اور تفسیر سے ماننے کو تیار نہیں تھے انکی سوئی حکمران اور نبی پر اٹکی رہی۔

ممبر امتیاز سومرو: بخش صاحب آپ کو کسی بھی اہلسنت کے بھائی کے جواب دینے سے پہلے مال فئی ماننا پھر انکار کرنا ب پہلے سوال کا جواب نہ دینا کہ بطور نبی یا حکمران اور صرف اپنی باتین کرنے کی مبارک ہو۔
ممتاز بھائی ماشاءاللہ آپ کا بات کرنے انداز اچھالگا۔

ممبر ایس اے خان: ماشاءاللہ کمال کی گفتگو کی ممتاز بھائی نے اللہ پاک علم عمل میں اضافے کرے آمین۔

اعجاز احمد سنی عالم: بخش بھائی نے ممتاز صاحب کے اشکالات کو دور کیے بغیر دلائل دینے شروع کر دیئے، جب کہ انہوں نے اھلسنت کی جتنی بھی تفاسیر بھیجی ہے ان سب کے آخر میں لکھا ہے کہ مال فئے 6 کے حصیدار ہیں، بخش بھائی پوری تفسیر کو چھوڑ کر صرف اپنے مطلب کی بات پر ہی رہے. مال فئے کے متعلق شیعا تفاسیر میں بھی وہی لکھا ہے جو ممتاز صاحب نے بتایا تھا۔ مال فئے کی تقسیم کاری اللہ نے خود بتادی ہے

ممبر جبران علی: قریشی صاحب ☜ ھو متحدہ مع مابعدہ ☞ کو مدح ثابت کریں نا کہ یہ کہ سید خوئی نے یہ دیگر مقامات پر بھی یہ الفاظ استعمال کیئے ہیں اس لیئے یہ مدح ہی ہے۔ جبکہ ہم بتا چکے ہیں کہ ان الفاظ کا مطلب صرف اتنا ہے کہ پچھلا راوی جس کا ذکر ہوا اور یہ والا اور جو اگلا آئے گا ایک ہی ہیں یعنی یہ تینوں راوی ایک ہی ہیں تو قریشی صاحب یہاں مدح کیسے ہوگئی راوی کی؟ یہ کوئی دلیل نہیں ہے جناب چلیں آسان کر دیتا ہوں ہمارے قواعد علم الرجال کے تحت یہ ثابت کریں کہ یہ الفاظ رواۃ کی مدح کیلئے استعمال ہوتے ہیں؟

یاخود سید خوئیؒ کے بیان سے ثابت کر دیجیئے کہ سید خوئی نے خود ان الفاظ کی تصریح کی ہے کہ میں جہاں بھی ☜ ھو متحدہ مع مابعدہ ☞ استعمال کروں تو یہ رواۃ کی مدح ہی ہو گی ؟؟

یہاں پر عبارت ☜ ھو متحدہ مع مابعدہ ☞ کو تو مدح نہیں سمجھا گیا میرے عزیز اس لیئے میں کہ کہہ رہا ہوں کہ یہ ثابت کیجیئے کہ درج ذیل جملے ☜ ھو متحدہ مع مابعدہ ☞ رواۃ کی مدح کیلیئے استعمال ہوتے ہیں ؟

جعفر صادق: یہ سمجھنا میری غلطی تھی۔ یہ الفاظ آگے پیچھے راوی کی مدح یا جرح کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔ لیکن اس راوی کا تعین اصل نکتہ ہے۔ ہمیں اس روایت کے متعلق نتیجہ نکالنا تھا، اپنی ذاتی رائے سے فیصلہ نہیں کرنا تھا۔ * شیخ مفید کا موثق کہنا تابوت میں آخری کیل ہے۔ *

ممبر جبران علی: یعنی کہ آپ تسلیم کرتے ہیں یہ الفاظ ☜ ھو متحدہ مع مابعدہ ☞ راوی کی مدح ہرگز نہیں ہیں ؟؟

جعفر صادق: جی بالکل۔۔۔ میں نے اوپر غلطی تسلیم کی ہے۔ اس میں انا کا مسئلہ تھوڑی ہے۔ غلطیاں لغزشیں انسانوں سے ہی ہوتی ہیں۔

ممبر غلام علی: قریشی صاحب مال غنیمت کی آیت کو مال فئی پر فٹ کرتے رہے۔

جعفر صادق: اہل سنت قرآن وسنت میں بتائے گئے تمام حصیداروں کا حق تسلیم کرتے ہیں۔ بیشک نبی کے رشتہ داروں کا بھی حق تھا اور وہ حق نبی کے دور میں اور خلفائے راشدین کے دور میں اہل بیت کو برابر ملتا بھی رہا۔ در حقیقت اہل تشیع باقی حقداروں کے منکر ہیں۔

ممبر حضرت ابو بکر: اہل تشیع و اہل سنت دونوں مناظرین کا تہ دل سے شکریہ اپنا قیمتی وقت نکال کر عوام تک حق پہنچایا احسنت انداز میں شکریہ دونوں مناظرین کا ♡ ♡ میں مبارک باد پیش کرتا ہوں جناب بخش حسین صاحب کو جس نے حق واضح کر دیا یقینن حق پہلے بھی واضح تھا۔ باغ فدک سیدہ ص کا حق تھا اور حق رہے گا ♡
جزاک اللہ ♡ ♡

ایک نہایت دلچسپ مختصر اور اضافی مکالمہ شیعہ مناظر فرمان علی سے

فرمان علی معصومی شیعہ: ڈاکٹر صاحب تھوڑی بات ہو جائے اس مسئلہ پر، یعنی فقط فئے پر۔

جعفر صادق: میں پی ڈی ایف بنانے میں مصروف ہوں۔ آپ کے پاس میرے اشکالات کا جواب ہے تو یہاں ترتیب سے ان پر گفتگو کر سکتا ہوں۔ مکمل فہرست فارغ ہو کر یہاں کاپی پیسٹ کر دوں گا۔ ان شاء اللہ

ممبر علی: آپ وہ حق جو بیبی کو دور خلفاء اول میں دیا گیا دکھا دیں۔ اور بتائیں پھر بیبی کس بات پر ناراض رہی جاتے وقت تک کلام نہیں کیا اول سے۔؟؟

جعفر صادق: اس موضوع پر حق زہرا مناظرہ پڑھیں۔ایک ایک نکتے پر تفصیل سے گفتگو کی گئی ہے۔

فرمان علی معصومی شیعہ: آپ کا کوئی اشکال میرے پاس نہیں ہے۔اور نہ ہی کالم کالم کی بازی کھیلتا ہوں۔بس سطر سطر میں ٹو دی پوائنٹ بات ہو گی ۔کوئی مناظرہ وناظرہ نہیں۔

جعفر صادق: میں عرض کر چکا ہوں۔وہ تمام اشکالات پہلے پیش کئے جائیں گے۔پھر ترتیب وار ان کی روشنی میں گفتگو ہو گی۔

فرمان علی معصومی شیعہ: میں وہ تفصیلی بات تو کرنا ہی نہیں چاہتا۔بس دو اور دو چار بات ہو جائے۔

جعفر صادق: چلیں ان میں سے کسی ایک پر ہی گفتگو کر لیں گے۔ 👍

فرمان علی معصومی شیعہ: مصارف زکات بیان کریں قرآن کے مطابق۔

جعفر صادق: پہلے مصارف زکات کا فدک یا مال فیئ سے تعلق ثابت کریں۔

فرمان علی معصومی شیعہ: دونوں مصارف ہیں اور پتہ چلے کہ سب مصارف میں بانٹ کر تقسیم کرنا واجب ہے یا کسی میں بھی دینا کافی ہے ۔البتہ ان مصارف سے باہر نہیں دینا بس

☜ وجہ اشتراک بین الفیئ والزکات ھی مصارفھما

جعفر صادق: یہ بحث فدک کو نبی کی ذاتی ملکیت تسلیم کرنے کے بعد کی ہے۔

فرمان علی معصومی شیعہ: عجیببب۔لیکن ذاتی ملکیت ہے یا نہیں یہ تب ہو گا جب مال فئے اور مصارف کا مسئلہ حل ہو۔

جعفر صادق: *سوال: نبی کے گھر اور دیگر بنیادی ضروریات کا سامان جیسے گھوڑا تلوار زرہ وغیرہ مال فئی تھے؟

گروپ ایڈمن موڈ پر کر دیا ہے۔کچھ دیر فرمان صاحب کی خواہش کے مطابق گفتگو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔صرف آدھا گھنٹہ، پھر اوپن کر دیجئے گا۔بیچ میں دوسرے ممبرز کی مداخلت ہوتی ہے۔

فرمان علی معصومی شیعہ: کیا ہو گیا ہے آپ کو؟

جعفر صادق: سوال سمجھ نہیں آیا؟ یا غیر متعلق ہے؟

فرمان علی معصومی شیعہ: مکمل بے فائدہ۔

جعفر صادق: سوال کا جواب عنایت فرمائیں۔

فرمان علی معصومی شیعہ: مال فئے ایسے کافروں سے ملتا ہے جو جنگ کے خوف سے تسلیم ہو جاتے ہیں۔

جعفر صادق: یہ سوال نہیں پوچھا کہ مال فئی کونسا مال ہے۔

فرمان علی معصومی شیعہ: یہ بات سمجھائیں کہ نبی پاک کی زندگی فئے پہ ہی چلتی تھی کیا جو ایسا گھٹیا سوال رکھ دیا آپ نے؟ میں نے ربط توڑا ہے تمہارے سوال کا فئے سے۔

جعفر صادق: ہر گز نہیں۔ بلکہ یہ توہین آپ کے مؤقف کو تسلیم کرنے سے ہوتی ہے۔

فرمان علی معصومی شیعہ: موقف آیا کب ہے؟ مال فئے کے مصارف پہ بات کریں۔ زکات کے مصارف میں سب کو بانٹ بانٹ کر زکات دینا واجب ہوتی ہے؟؟؟ اگر نہیں تو زکات اور فئے کی آیتوں کا انداز تو ایک ہی ہے۔

جعفر صادق: چلیں مزید آسان کر دیتا ہوں۔ کیا نبی کے گھر، دیگر ذاتی استعمال کا سامان اور کفار سے حالت خوف میں ملنے والی ملکیت میں کوئی فرق نہیں ہے؟ پہلے کلیئر تو کریں کہ مال فئی اور دیگر سامان میں فرق ہے یا نہیں۔

سوال: نبی کے گھر اور دیگر بنیادی ضروریات کا سامان جیسے گھوڑا تلوار زرہ وغیرہ مال فئی تھے؟

فرمان علی معصومی شیعہ: بالکل کوئی فرق نہیں ۔ کیونکہ اب ملکیت بن چکا ہے۔ انتخاب رسول اللہ ص کے بعد کوئی فرق نہیں۔ اب بائیں شائیں نہیں سیدھا بات پہ آئیں۔

جعفر صادق: کیا قرآن میں نبی کے گھر، گھوڑا، تلوار۔ زرہ وغیرہ کے لئے بھی حکم نازل ہوا ہے کہ اس کے حقدار رشتہ دار، یتیم، مسکین اور مسافر ہیں؟

فرمان علی معصومی شیعہ: دیر نہ کریں اتنی ریپلاء دینے میں۔ دفع ہو جائیں، بات پہ آئیں۔

جعفر صادق: میں اسی نکتے پر ہوں۔ ذاتی ملکیت اور مال فئی کا فرق سمجھا رہا ہوں۔

فرمان علی معصومی شیعہ: کوئی فرق نہیں ۔ اگر فرق ہے تو اثبات آپ کے اوپر ہے۔

جعفر صادق: کیوں دفع کروں۔ آپ کے نزدیک دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔

کیا یہ توہین نبی نہیں ہے؟

فرمان علی معصومی شیعہ: دو تین منٹ کی بات تھی آدھا گھنٹا ہو گیا۔

کیوں توہین؟؟؟ ثابت کریں نا۔ فرق ہے تو ثابت کریں۔ یہ ایسا ہے جیسے چند درآمدات ہوں بس۔

جعفر صادق: فدک کو پہلے نبی کی ذاتی ملکیت ثابت کر دیں۔ یہ ملکیت نبی کو بحیثیت حکمران ملی تھی۔

کیا آج عمران خان کو چین تحفے میں مرسڈیز دے دے تو وہ اس کی ذاتی ملکیت ہو جائے گی؟

یہ ہے فرق 👈

فرمان علی معصومی شیعہ: اب پھر کیا ہوا؟؟؟ آپ نے کیا ثابت کرنا تھا؟ توہین اور فرق ثابت کرنا تھا نا؟؟

عمران کے لئے کوئی قرآن نازل ہوا ہے یا حدیث ہے؟ نہیں نا۔

جعفر صادق: مال فئی کو نبی کی ذاتی ملکیت منسوب کرنا توہین نبی ہے۔ چلیں یہ بتائیں۔ مال فئی کون کون سے تھے؟

فرمان علی معصومی شیعہ: لاحول والا قوۃ الا باللہ۔ میں ڈر گیا تھا کہ کہیں توہین رسالت میں مارانہ جاؤں 😅 😅 😅 😅 😅 😅

جعفر صادق: *بنی نضیر کے اموال نبی کی ذاتی ملکیت تھے ؟

فرمان علی معصومی شیعہ: بے فائدہ سوالات مت چھوڑیں کلیات پہ بات کریں

جعفر صادق: سنجیدہ رہیں۔ باقی دس منٹ ہیں۔ مال فیئ کے متعلق سوال بے فائدہ ہے۔

کمال ہے۔

شیعہ فرمان علی کا اپنی بات سے یوٹرن

فرمان علی معصومی شیعہ: مال فئے ٹوٹل نبی پاک کا ہے اور جو نبی پاک نے اپنے لیے لیا دونوں میں فرق ہے۔

مصارف سمجھ گئے پہلے ؟

جعفر صادق: دلیل دیں کہ بنی نضیر کے اموال نبی کی ذاتی ملکیت تھے۔

فرمان علی معصومی شیعہ: خیبر اور بنی نضیر کا مال ٹوٹل فئے تھا۔ اب اس میں سے جس کو جو بھی مال ملے وہ اس کی ملکیت ہوا یا نہیں ؟؟؟

جعفر صادق: خیبر اور بنی نضیر کے اموال کا کیا ہوا تھا؟

فرمان علی معصومی شیعہ: یہ مال نبی پاک نے اپنے لیے لیا یا نہیں اس سے حق ملکیت کے مسئلہ پہ فرق پڑتا ہے کیا؟؟؟؟ سندھ میں بانٹا گیا تھا 😅 😅 😅 😅 ؟کا کا کلیات پر بات کریں۔

[شیعہ کے نزدیک یہ بات غیر اہم ہے کہ مال فئے (خیبر اور بنی نضیر) اپنے لئے لیا یا نہیں !اگر یہ غیر ضروری ہے تو پھر حق ملکیت اس مال پر کیسے ہو گیا؟]

جعفر صادق: محترم۔۔۔بہت فرق پڑتا ہے۔ دور نبوی شاہانہ دور نہیں تھا۔ غزوہ تبوک میں لشکر اسلام کا کیا حال تھا؟ آپ جانتے ہیں؟ اصل بنیادی نکات حل کریں۔

[اس دلیل کو فرمان علی سمجھنے سے قاصر رہے۔ اگر مال فئے اور دیگر خیبر اور بنی نضیر کے اموال نبی کی ذاتی ملکیت ہوتے تو غزوہ تبوک کے موقع پر اتنی جاگیر ہوتے ہوئے نبی کریم کو صحابہ کرام سے مالی تعاون کی اپیل کیوں کرنی پڑتی اور اللہ عزوجل کو بھی اس تعاون کے لئے قرآنی آیت کا نزول کیوں کرنا پڑا۔]

(دو کے بیچ گفتگو میں بخش حسین کی دخل اندازی)

بخش حسین حیدری شیعہ: اب بات غزوہ تبوک پر چلی گئی 😅

جعفر صادق: جیش العسرہ کس غزوے کا نام ہے ؟اس کے معنی بھی بتادیں۔

اصل حقائق

نبی پاک ﷺ کا آخری غزوہ تبوک تھا جو کہ سن 9 ھجری میں پیش آیا تھا۔

شیعہ کتاب ناسخ التواریخ (جلد اول کتاب دوم صفحہ 421) کے مطابق اس وقت ایسی تنگی اور مصیبت مسلمانوں پر تھی کہ اس غزوہ تبوک کا نام "جیش العسرہ" ہو گیا۔

اس موقعہ پر حضرت عثمان نے دوسو اونٹ اور دوسو اوقیہ چاندی کے شام کی تجارت کے لیئے جمع کیئے تھے وہ سب نبی پاک ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیئے جس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس کہ بعد عثمان جو بھی کام کریں گے انہیں کوئی گناہ نہیں ہو گا۔

ایک اور روایت میں یہ ہے کہ تین سو اونٹ مع سامان کے اور ہزار مثقال زر سرخ پیش کیا اس پر نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ اے اللہ !تو عثمان سے راضی ہو جا کیونکہ میں عثمان سے راضی ہوں۔

حضرت عمر نے اپنا آدھا مال نبی پاک ﷺ کے سامنے پیش کیا۔ آپ ﷺ نے پوچھا تم نے اپنے اہل و عیال کے لیئے کیا چھوڑا؟ حضرت عمر نے جواب دیا کہ اتنا ہی ان کے لیئے چھوڑا ہے۔

حضرت ابو بکر نے اپنا کل مال و متاع نبی پاک ﷺ کی خدمت میں رکھ دیا۔ آپ ﷺ نے پوچھا کہ اپنے اہل و عیال کے لیئے کیا رکھا ہے؟ جواب میں عرض کیا اللہ اور رسول کو ان کے لیئے چھوڑا ہے۔

اسی طرح ناسخ التواریخ میں دوسرے صحابہ کرام کی مالی امداد کا بھی ذکر موجود ہے۔ مثال کے طور پر حضرت عبد الرحمان بن عوف، حضرت عباس بن عبد المطلب، حضرت طلحہ بن عبید، حضرت سعد بن عبادہ وغیرہ۔ ہر کسی نے اپنی اپنی استطاعت کے مطابق رقم پیش کی کیوں کہ اس وقت جہاد کے سامان کی شدید ضرورت تھی۔

کیا تاریخ اسلام یا کسی بھی شیعہ کتب میں غزوہ تبوک کے اس سخت مشکل وقت میں سیدہ فاطمہ کی طرف سے بھی کسی قسم کی مالی امداد کا ذکر موجود ہے۔۔۔۔۔؟؟

فرمان علی معصومی شیعہ: شاہانہ دور تھا یا نہیں جب قرآن و حدیث شاہد بن جائے تو آپ کو یا مجھے حق نہیں کہ فالتو کے بناتے پھریں۔

جعفر صادق: یہ زمینی حقائق بہت اہم ہیں۔ ایسی باتیں تسلیم کیوں کی جائیں جو حقیقت سے کوسوں دور ہیں۔

فرمان علی معصومی شیعہ: لو بھئی۔۔۔۔۔ الامان۔ قرآن آپ کو کوسوں دور لگتا ہے؟؟؟

جعفر صادق: بتائیں۔۔ کہ سیدہ فاطمہ کو فدک اگر ہبہ ہو گیا تو فدک کی آمدنی سے غزوہ تبوک میں کتنی مدد کی گئی ؟

فرمان علی معصومی شیعہ: اب خاموش ہو جائیں ۔ پلیز پہلے جا کر قرآن و حدیث پڑھیں۔ من گھڑت اسطورات سے پرہیز کریں۔ ☹ ☹ ☹ ☹۔ آپ آدمی ہیں یا؟؟؟

جعفر صادق: کیوں غزوہ تبوک میں فدک غائب ہو گیا تھا؟ خوش رہیں۔ آپ کو ہی شوق تھا۔ اللہ حافظ

جو حق پر ہوتا ہے وہی فر فر جواب دیتا ہے۔ گھبراہٹ باطل کی نشانی ہے۔ مجھے اجازت۔ اب وقت نہیں ہے۔

*مکالمہ فدک مال فئی یا ذاتی ملکیت میں اہل سنت کے اہم سوالات *

یہ فہرست ان اہم سوالات کی ہے جو سُنی و شیعہ مکالمہ فدک مال فئی یا ذاتی ملکیت میں *شیعہ مناظر بخش حسین حیدری* سے بار بار پوچھے جاتے رہے اور شیعہ مناظر ان کا علمی عقلی و نقلی رد کرنے میں مکمل ناکام رہا۔

* فدک کی حیثیت کا تعین *

1: نبی کریم ایک ہی وقت میں منصب نبوت پر فائز تھے اور حکمران بھی تھے۔ وضاحت کریں کہ یہودیوں نے فدک ذاتی حیثیت سے دیا یا بحیثیت حکمران؟ کیا کوئی راہ چلتے کسی کو بھی اتنی بڑی جاگیر تھما دیتا ہے؟ کیا ہم یہ سمجھیں کہ بغیر کسی جان پہنچان کے یہودیوں کی طرف سے باغ فدک نبی کریم کو مل گیا اور ذاتی ملکیت بن گیا؟ نبی میں نبوت اور حکمرانی دونوں ہی جمع تھیں۔ یہودیوں نے کس حیثیت سے دیا؟

2: تحائف ذاتی حیثیت سے دئے جائیں تو ذاتی ملکیت ہی قرار پاتے ہیں اور تحائف بحیثیت حکمران دئے جائیں تو ملک و قوم کی امانت ہوتے ہیں۔ زمانہ قدیم سے دور جدید تک کسی بھی مذہب، مسلک اور کسی بھی ملک کے قوانین کے مطابق کسی بھی ملک کے حکمران کو جب کوئی بھی چیز بحیثیت حکمران کہیں سے تحفے میں مل جائے تو کیا وہ اس کی ذاتی ملکیت قرار دی جاتی ہے ؟

3: مال فئی بغیر لشکر کشی کے ہی حاصل ہوتا ہے۔ اس میں سنی و شیعہ کے مابین کوئی اختلاف نہیں ہے۔ کیا بغیر لشکر کشی کے یہودیوں نے فدک ایسے ہی نبی کو دے دیا؟

4: قرآن و سنت سے دلائل دیں کہ حکمران کو ملنے والے تحائف اس کی ذاتی ملکیت بن جاتے ہیں یا نبی کریم نے فدک کو اپنی ذاتی ملکیت قرار دیا تھا۔

5: بالفرض فدک کو نبی کی ذاتی ملکیت تسلیم بھی کر لیا جائے تو اس سے یہ تصور ذہن میں آتا ہے کہ نبی کے پاس اپنی کافی ملکیت ہو گی جس میں سے سیدہ فاطمہ کو بھی عطا فرمادی، اس کے لئے آپ کو دلیل سے ثابت کرنا پڑے گا کہ نبی بوقت رحلت مالدار امیر کبیر تھے۔

* فدک کا سیدہ فاطمہ کو ہبہ ہونا *

6: نبی کریم نے سیدہ فاطمہ کو کس موقعہ پر فدک ہبہ کیا؟ سن ھجری کیا تھا اور نبی کی وفات کس سن ھجری میں ہوئی؟

7: نبی کریم اور صحابہ کرام کے خراب معاشی حالات کے باوجود سیدہ فاطمہ کو فدک ہبہ ہونا عقلی و نقلی طور پر درست نہیں ہے۔ ذرا بتائیں کہ فدک ہبہ ہونے کے بعد کتنے سال تک سیدہ فاطمہ کے زیر تسلط رہا۔؟

* میراث نبوی *

8: بوقت رحلت نبی کریم کے کون کون سے ورثاء موجود تھے جنہیں قرآن و سنت کی روشنی میں مالی ورثہ لینے کا حق تھا؟

9: قرآن و سنت کی روشنی میں کیا سیدہ فاطمہ ہی بوقت رحلت نبی کی وارث موجود تھیں؟

10: میراث علمی بھی ہوتی ہے اور مال و ملکیت بھی۔ مالی میراث اس کی ہوتی ہے جس نے دنیاوی مال و ملکیت جمع کیا ہو۔ نبی کے پاس بوقت رحلت کتنی دنیاوی ملکیت تھی؟

11: کیا سیدہ فاطمہ نے پورے فدک کا مطالبہ کیا تھا؟ جبکہ نبی کریم کے دوسرے حقدار 9 ازواج مطہرات اور چچا حضرت عباس بھی ورثاء میں سے موجود تھے۔

*** مال فئی اور سورت الحشر آیت 6،7 اور دیگر آیات قرآنی ***

12: کیا مال فئی کے متعلق بس یہی ایک آیت سورت الحشر 6 ہے جس سے فدک نبی کی ذاتی ملکیت ثابت ہوتا ہے ؟ اس سے اگلی آیت 7 میں کس قسم کی مالیت کے اتنے حصیدار بیان ہوئے ہیں؟

13: کیا مال فئی میں صرف فدک ہی نبی کے زیر تسلط آیا تھا؟ خیبر اور بنی نضیر کے اموال کس کے تھے ؟ اگر تمام مال فئی نبی کی ذاتی ملکیت تھے تو سیدہ فاطمہ نے تمام ملکیتوں کا مطالبہ کیوں نہیں کیا تھا؟

14: مال فئی نبی کی ذاتی ملکیت کیسے تسلیم کی جائے جبکہ خود آپ کی دلیل کے مطابق ناسخ سورت الانفال آیت 41 میں بھی من وعن وہی چھ حصیدار بیان کئے گئے ہیں۔؟

15: تفسیر نمونہ میں شیعہ مفسر نے بیان کیا ہے کہ سورت الحشر 8 اور 9 کی آیات گواہی دیتی ہیں کہ مال فئی بنی ہاشم کے لئے مخصوص نہیں ہے۔ اس کی تائید میں امام باقر کا قول بھی نقل کیا ہے جس کے مطابق مال فئی کسی ایک کا نہیں بلکہ اس کے کئی حصیدار ہیں۔ کیا امام معصوم کا قول بمعہ قرآن کریم کی تائید آپ کے لئے قابل حجت نہیں ہے ؟

16: ایسی ملکیت جو بحیثیت حکمران نبی کریم کو حاصل ہوئی ہو، تمام سنی و شیعہ مفسرین بھی بیان کر رہے ہیں کہ * بعد از نبی قائم مقام * اس کا حقدار ہوگا جو نبی کی طرح اس کی آمدنی کو تقسیم کرنے کا پابند ہے تو یہ ملکیت نبی کی ذاتی ملکیت کیسے تسلیم کی جائے اور بعد از نبی حقیقی چچا اور 9 ازواج مطہرات کی موجودگی کے باوجود صرف سیدہ فاطمہ کا ہی حق ہے ؟ کیا یہ قرآن و سنت کے صریح خلاف نہیں ہے ؟

17: مال فئی اگر غنیمت نہیں تو کس قسم کا مال ہے ؟ آپ کس دلیل سے مال فئی کو غنیمت سے الگ کر رہے ہیں؟ کیا آپ کی ذاتی رائے سے فدک کو نبی کی ذاتی ملکیت تسلیم کر لیا جائے ؟

سُنی و شیعہ مکالمہ فدک مال فئی یا ذاتی ملکیت !

1

شیعہ مناظر بخش حسین حیدری کے دلائل و اشکالات	اہل سنت جعفر صادق کی طرف سے شیعہ دلائل کا رد اور اشکالات
شیعہ مؤقف ← فدک نبی کی خاص ملکیت تھی۔	نبی کے پاس بنیادی ضروریات کے علاوہ کوئی مال و زر نہیں تھا۔ بوقت رحلت سرکار دو عالم ﷺ کی زرہ بھی یہودی کے ہاں گروی رکھی تھی۔ (صحیح بخاری ح 2916)
دلیل: سورت الحشر آیت 6 ← استدلال: فدک نبی کی خالص ذاتی ملکیت ہے۔ الحاوی الکبیر الجز 14 ص 55 ← جو بغیر لشکر کشی کے نبی کو حاصل ہوا تھا۔	کیا فدک نبی کی خاندانی ملکیت تھی؟ یا ذاتی محنت مزدوری سے حاصل کیا تھا؟ فدک نبی کی ذاتی ملکیت ہرگز نہیں ہے ۔ قرآن و سُنی اور شیعہ تفاسیر کے مطابق مال فئی کے چھ حصیدار ہیں اور بعد از نبی مال فئی نبی کے قائم مقام کا ہے۔ (سورت الحشر 7، شیعہ کتاب مرات العقول۔ علامہ باقر مجلسی الجز 6 ص 252، المبسوط فی فقہ الامامیہ ۔ علامہ طوسی ج 2 ص 66) یہودیوں نے خیبر کی فتح سے مرعوب ہو کر فدک دیا تھا۔ (الحاوی الکبیر الجز 14 ص 55)
جو مال بغیر لشکر کشی کے حاصل ہو وہ خالص رسول کا ہے۔ (تفسیر بصیرت قرآن سورت الحشر 6-10 ص 63، تفسیر جواھر القرآن، کتاب الاموال ص 75-78)	فدک خالص نبی کی ملکیت اس حیثیت سے ہے کہ بحیثیت حکمران صرف نبی کا تسلط رہے گا۔ ذاتی ملکیت نہیں بن جائے گا۔ شیعہ کے بھیجے گئے اہلسنت کتب کے انہی اسکینز سے تائید: فدک مال فئی کے حصیدار مہاجرین و انصار (تفسیر بصیرت القرآن ص 63) مال فئی بعد از نبی سردار یعنی قائم مقام کا ہوگا۔ ذاتی ملکیت نہیں ہے۔ (تفسیر جواھر القرآن) مال فئی میں اموال بنی نضیر بھی شامل ہیں۔ (کتاب الاموال ص75) جوابی دلیل: مال فئی بحیثیت حکمران نبی کو حاصل ہوا ۔ قول امام باقر مال فئی کے حقدار بنی ہاشم ، یتیم، مسکین اور مسافر بھی ہیں۔ (تفسیر نمونہ ج 11ص 471-476)
سورت الحشر آیت 7 منسوخ آیت ہے اور اس کی ناسخ سورت الانفال آیت 41 ہے۔ (قص الحق ص 40، التفسیرالصحیح ج 2ص 406، تفسیر القاسمی ج 9ص 186، قرآن میں ناسخ و منسوخ ص 53)	شیعہ مناظر نے پہلے مؤقف اختیار کیا کہ سورت الحشر آیت 7 کا منکر نہیں ہوں پھر دوسرے ہی دن آیت 7 کو منسوخ قرار دینے کے لئے اسکینز رکھنا شروع کردئے۔ شیعہ مناظر نے اقرار کرلیا کہ مرات العقول کے مطابق فدک کے حصیدار بنی ہاشم بھی ہیں۔ علمی رد: منسوخ اور ناسخ دونوں آیات میں چھ حصیدار من وعن وہی بیان ہوئے ہیں۔ شیعہ مفسر نے امام باقر کی تائید کے ساتھ سورت الحشر آیت 8 اور 9 کی روشنی میں بنی ہاشم اور مہاجرین و انصار کو بھی مال فئی کا حصیدار تسلیم کیا ہے۔ (شیعہ تفسیر نمونہ ص 474) سورت الحشر آیت 9 اور 10 میں شیعہ مفسر کا اقرار کہ مال فئی کے حصیدار مہاجرین و انصار بھی ہیں۔ (شیعہ تفسیر انوار نجف ص 252)

سُنی و شیعہ مکالمہ فدک مال فئی یا ذاتی ملکیت!

2

شیعہ مناظر بخش حسین حیدری کے دلائل و اشکالات	اہل سنت جعفر صادق کی طرف سے شیعہ دلائل کا رد اور اشکالات
سورت الانفال آیت 41 خمس کے متعلق ہے۔ آپ نے سورت الحشر آیت 7 منسوخ آیت کیوں پیش کی؟	بالفرض سورت الانفال آیت 41 ناسخ آیت ہے تو منسوخ آیت 7 کا وہی حکم تمام مال غنیمت پر بھی لاگو کیا گیا ہے۔ امام باقر کا قول اور شیعہ مفسرین بھی آپ کے خلاف ہیں۔
تفسیر نمونہ اور تفسیر انوار نجف میں موجود امام باقر کا قول تھذیب الاحکام سے لیا گیا ہے۔(تھذیب الاحکام ج 4 ص 134) یہ روایت ضعیف ہے کیونکہ راوی علی بن محمد بن زبیر مجہول ہے۔ (فہرست کتب الشیعہ و اصولھم ص 273، معجم الرجال حدیث علامہ خوئی ج 12 ص 141)	امام باقر کا قول ضعیف ہرگز نہیں ہے اور راوی علی بن محمد بن زبیر مجہول راوی نہیں ہے بلکہ اس نام کے دو راوی ہیں اور دونوں کی توثیق کی گئی ہے۔ معجم الرجال الحدیث ج 13 ص 148 -150، راوی نمبر 8430 - قاموس الرجال ج 7 ص 552) امام باقر کا قول صحیح ہے۔ مال فئی میں بنی ہاشم کے ساتھ مہاجرین و انصار بھی حصیدار ہیں۔ اہل تشیع کے ہاں یہ روایت موثق ہے۔ (تھذیب الاحکام فی شرح المقنعۃ ج 4 ص 177)
قاموس الرجال میں راوی علی بن محمد بن زبیر قرشی کا ذکر غیر متعلق ہے۔	پہلے ثابت کریں کہ دونوں راویوں میں سے تھذیب الاحکام میں کونسا راوی ہے؟ اس کی توثیق شیخ مفید سے دکھائی گئی ہے۔ موثق روایت کا انکار ممکن نہیں ہے۔
سورت الحشر آیت 7 منسوخ شدہ ہے اور اس کی ناسخ آیت سورت الانفال آیت 41 ہے۔ اس میں صرف مال غنیمت کا ذکر ہے۔ مال فئی کا کوئی ذکر نہیں ہے۔	سورت الانفال آیت 41 غزوہ بدر کے موقعہ پر نازل ہوئی۔ دو جماعتوں کی جنگ کا ذکر آیت میں موجود ہے۔ اس کے بعد غزوہ بنی نضیر ہوا تھا۔ سورت الحشر آیت 7 غزوہ بنی نضیر کے موقعہ پر نازل ہوئی۔ دونوں جنگوں اور دونوں آیتوں کے شان نزول حتمی طور پر ثابت شدہ حقیقت ہے۔ عقلی طور پر یہ ممکن نہیں کہ منسوخ آیت بعد میں نازل ہوئی ہو۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ سورت الحشر آیت 7 منسوخ نہیں ہے۔ (تفسیر ابن کثیر 499)
بغیر جنگ کے جو مال حاصل ہوگا وہ خالص نبی کا ہوگا۔ (تفسیر حقانی ص 485، بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع ج 9 ص 468، تاریخ ابی الفداء ج 1 ص 301، کتاب ثقات ابن حبان ج 2 ص 15، تفسیر البغوی ج 7 ص 311، وانک لعلی خلق عظیم ج 1 ص 242، موطا امام مالک ج 15 ص 660) راوی علاء ضعیف ہے۔ (نیٹ سے تصویر اور اہل سنت عالم ابن حجر عسقلانی کی جرح) مال فئی بغیر جنگ کے ملا۔ (تفسیر مظہری ص 50/338 تفسیر جلالین ص 390) فدک ملکیت رسول (شرح صحیح مسلم ج 12 ص 82)	تفسیر حقانی سے رد: مال فئی اور غنیمت ایک ہی چیز ہے۔ (تفسیر حقانی ص 468) تمام اسکینز میں ایک ہی بات دھرائی گئی ہے کہ مال فئی بغیر جنگ کے حاصل ہوا اور خالص نبی کا ہے۔ کسی اسکین سے میرے دلائل کا رد نہیں ہوتا۔ علمی رد: خاصہ کا مطلب سنبھالنا ہے ذاتی ملکیت نہیں ہے۔ (فیض الباری شرح صحیح بخاری ص 257) فدک دور نبوی اور خلفائے راشدین کے دور میں کسی کی ذاتی ملکیت نہیں تھا۔ ہر دور میں اس کے متولی بدلتے رہے۔ (صحیح بخاری ح 4034) راوی علاء بھی ثقہ راوی ہے۔ شیعہ کی روایت پر سُنی عالم کی جرح دکھانا درست نہیں ہے۔ مال فئی بغیر جنگ سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ صحیح مسلم کے اسی اسکین میں آگے یہ الفاظ بھی مذکور ہیں۔ وکل ھذا صدقات۔ شیعہ مؤقف کا رد بیان کیا گیا ہے۔